بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

معمولی مگر اہم نکتہ

انسان کی نفسیاتی کیفیت بھی عجیب ہے۔ اصولاً کسی سے پوچھئے تو بلا تأمل کہہ دے گا کہ ہر شخص سے غلطی کا امکان ہے۔ لیکن بہت کم ایسے ملیں گے جو اپنی غلطی کا اعتراف کھلی پیشانی سے کر لیں۔ بالعموم ہوتا یہ ہے کہ اگر کسی سے کوئی غلط بات کسی وقت کسی جذبہ یا خیال کے ماتحت منہ سے نکل جاتی ہے تو اس کے بعد وہ پوری کوشش کرتا ہے کہ کسی نہ کسی طرح اسے صحیح تسلیم کرا دے۔ اس سعی لا حاصل میں اس سے فریب خوردگی اور فریب دہی کے ایسے ایسے مظاہرے ہوتے ہیں کہ جس پر ساری دنیا ہنستی ہے لیکن اس سے اسے اور چڑ پیدا ہو جاتی ہے اور ساری دنیا کے خلاف اس کے دل میں انتقام کی آگ شعلہ زن ہو جاتی ہے کچھ وقت کے بعد ایسا ہوتا ہے کہ یا تو قلب میں سکون پیدا ہو جانے کی وجہ سے یا خارجی احوال وظروف کی بناء پر اسے اپنی غلطی کا احساس ہو جاتا ہے۔ انسانی زندگی میں آزمائش کی یہ گھڑی بڑی نازک اور کٹھن ہوتی ہے۔ غلطی کے اعتراف میں اپنی خودی کے (غلط تصور) کو ٹھیس لگتی ہے۔ جس شد و مد سے اپنے غلط خیال کو صحیح ثابت کرنے میں تگ و دو کی تھی وہ تمام مراحل ایک ایک کر کے سامنے آ جاتے ہیں۔ پھر نام کی شہرت۔ گرد و پیش کے کنکھیوں کے اشارے۔ یہ تمام تصورات جمع ہو کر اعتراف حقیقت میں گلو گیر ہو جاتے ہیں۔ ایسے وقت میں اگر اللہ کی توفیق شامل حال ہو جائے تو انسان ان تمام ذہنی موانع کو جھٹک کر الگ کر دیتا ہے اور نہایت کشادہ نگہی اور وسیع الظرفی سے اپنی غلطی کا اعتراف کر لیتا ہے اور اس کے بعد وہ دیکھتا ہے کہ جھوٹی عزت کا زعم باطل جو اعترافِ حقیقت میں یوں گلو گیر ہو رہا تھا اس کی اصل اس کے اپنے دماغ کے بتکدہ سے باہر کچھ بھی نہ تھی۔ لیکن اگر اس کشمکش کے عالم میں یہی باطل تصورات انسان کے قلب و دماغ پر چھا جائیں تو وہ کبھی اعترافِ حقیقت نہیں کرتا بلکہ اپنی غلط روش پر پہلے سے بھی زیادہ شدت سے کاربند رہتا ہے۔ حتیٰ کہ یہ راہ اسے ہلاکت و بربادی کے مہیب غار میں دھکیل دیتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سید حسن عباس رضوی، کوئٹہ

طلوع اسلام نے کیا کیا ہے؟

آغازِ کلام: یوں تو اس سوال کا جواب بڑا ہی مختصر ہے کہ طلوع اسلام نے کیا کیا ہے۔ وہ یہ کہ طلوع اسلام نے خمخانۂ حجاز کی ٹوٹی پھوٹی صراحیوں کی ٹھیکریاں جمع کر کے ان پر لکھی ہوئی داستانِ پارینہ کو ازسرنو مرتب کیا ہے۔ دنیائے انسانیت کو وہ فکر صالح عطا کی ہے جس سے بیگانہ ہو کر وہ جہالت کی تاریکی میں دم توڑ رہی تھی۔ کاروان حیات کو منزل کی طرف بڑھنے کے لئے صراط مستقیم کی نشاندہی کر دی ہے۔ ایک متعین اور واضح نصب العین عطا کیا ہے۔ فلسفۂ حیات کا مکمل مفہوم پیش کیا ہے۔ کائنات کی بلندیوں اور پستیوں کے اسرار بے نقاب کر دیئے ہیں۔ اور مافیہا کا سینہ چاک کر کے رموزِ فطرت انسانیت کے سامنے بے مزد و معاوضہ پیش کر دیئے ہیں۔

لیکن اگر تفصیلاً بیان کیا جائے کہ طلوع اسلام نے کیا کیا ہے، تو اس کے لئے ایک طویل فہرست مرتب ہو سکتی ہے۔ لیکن وقت کی قلت کی وجہ سے ایسا کرنا ممکن نہیں۔ میں چند ایک ایسی چیزوں پر اکتفا کروں گا جو مرکزی حیثیت رکھتی ہیں۔

سب سے پہلی انقلابی دعوت: طلوع اسلام نے سب سے پہلے یہ بتایا ہے کہ اسلام مذہب نہیں بلکہ دین یعنی نظام حیات (Social Order) ہے جس کے بنیادی اصولوں اور ہدایات کا سرچشمہ قرآن حکیم ہے۔ جسے اپنا کر انسان جنت کی زندگی بسر کر سکتا ہے۔ خدا کی طرف سے دین ہی حضرات انبیاء کرامؑ کی وساطت سے ملا تھا۔ دین انسان کی ہیئت اجتماعیہ سے تعلق رکھتا ہے۔ برعکس اس کے مذہب ذاتی عقائد اور رسم و رواج کا مجموعہ ہے۔ اس میں تفکر و تدبر کو کوئی دخل نہیں، اس کا انسان کی اجتماعی زندگی سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ سب انسان کا ذاتی معاملہ ہوتا ہے۔ یہ انسانیت کے جسد واحد کا شیرازہ بکھیرتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں انسان ایک ایسی دنیا میں داخل ہوتا ہے جہاں سلامتی اور امن کا چراغ گل ہو جاتا ہے اور ہر طرف فساد ہی فساد نظر آتا ہے۔ فساد آدمیت کی یہ کیفیت ہوتی ہے کہ جدھر نگاہ دوڑائیں دنیا رزمگاہ ابلاس

نظر آتی ہے۔ پھر یہیں سے مذہبی پیشوائیت جنم لیتی ہے اور مجبور و مقہور انسان کو طرح طرح کے فریب دے کر اپنے پیچھے لگا لیتی ہے۔ وہ اپنی بقاء کے لئے محنت کرتے کرتے ہلکان ہو جاتا ہے اور یہ ان کی کمائی پر عیش اڑاتی ہے۔ ایسی زندگی کو قرآن نے دوزخ کی زندگی کہا ہے۔

برادران عزیز! آپ نے دین اور مذہب کا تقابل دیکھ لیا۔ جب تک دین خداوندی کی عطا کردہ اقدار کی پیروی ہوتی رہی' انسان پر ابر رحمت کی گہر باریاں ہوتی رہیں اور جونہی انسان نے دین خداوندی کو چھوڑ کر اپنے کردار کو خود ساختہ پیمانوں کے تابع کر کے ہیئت اجتماعیہ کا شیرازہ بکھیر دیا تو تمام افرادِ خانہ ایک دوسرے کے دشمن ہو گئے اور چاروں طرف فساد اور خوں ریزی برپا ہو گئی اور اس طرح شرف انسانیت مذہب کی بھینٹ چڑھ گئی۔

مسلمانوں کی حالتِ زار: عام انسانوں سے ہٹ کر اب عالم اسلام کی طرف آیئے۔ اس ملت نے بھی جب دین کو چھوڑ کر مذہب اختیار کیا اس سے وہ تمام سرفرازیاں اور نعمتیں چھن گئیں جو مسلمانوں کا طغرۂ امتیاز تھیں۔ اس کی اجتماعی زندگی پارہ پارہ ہو گئی۔ ابلیسیت نے پھر سر اٹھایا۔ وہی ابلیسیت جو نور مبین آ جانے پر صحراؤں' جنگلوں اور غاروں میں جا چھپی تھی۔ کہیں شاہی درباروں میں عشوہ طراز ہوئی' کہیں جبہ و عمامہ میں جلوہ افروز ہوئی اور کہیں مقدس مقامات میں نمودار ہوئی۔ یہاں تک کہ پوری آب و تاب کے ساتھ منظر عام پر آ گئی۔ وہی دیرینہ اسباقِ سامری ایک ایک کر کے سامنے آتے چلے گئے اور اپنے مخصوص سحر کارانہ انداز سے معاشرتی نظام میں پیوست ہوتے چلے گئے۔ اس طرح ہوائے شیطنت ڈگمگاتی ہوئی کشتیوں کو ڈبوتی رہی۔ قلزمِ طاغوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر رموزِ جہانبانی کو خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے گیا اور خیر الامم آسودہ ساحل ہو کر دل کو یہ تسلیاں دیتی رہی کہ یہ میری نہیں کسی اور کی کہانی ہے۔ وہ قیامت کے مسائل حل کرتی رہی۔ لیکن اسے یہ قیامت دکھائی نہ دی کہ

گرفتہ چینیاں احرام و مکی خفتہ در بطحا

اور ایک وقت ایسا آیا کہ اس کی سطوت و جبروت کی صرف کہانیاں باقی رہ گئیں۔ اس کے بعد مسلمان تذبذب اور بددلی کے عالم میں مارا مارا پھرتا رہا۔ زمین اس پر تنگ ہو گئی۔ اس کے لئے ایک لمحہ ستانے کے لئے بھی ٹھکانہ نہ رہا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ ہر کوئی بھیڑ بکری کی طرح اسے جس طرف چاہتا ہنکا لے جاتا۔ اس محرومی اور ناکامی کی حالت میں مسلمان در بدر خاک بسر پھر رہا تھا۔ ندرتِ فکر اور جدتِ کردار جیسی متاعِ بے بہا اس سے چھن چکی تھی۔ اس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کیا کرے اور کدھر جائے۔ اسے اس گرداب بلا سے نکالنے والا کوئی دکھائی

نہیں دیتا تھا۔

نشانِ راہ دکھاتے تھے جو ستاروں کو
ترس گئے تھے کسی مردِ راہداں کے لئے

مردِ راہداں: آخر کار مبدائے فیض کی کرم گستری سے انہی میں سے ایک مردِ راہداں پیدا ہوا جسے اہل فکر پرویز کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ کہا جائے گا کہ پرویز بھی ایک مفکر ہے اور دوسری تحریکوں کے سربراہ بھی مفکر ہیں۔ آخر اس میں کیا خاص بات ہے۔ وہ خاص بات یہ ہے کہ پرویز کی فکر، قرآن حکیم کے خالص چشمۂ نور سے منور اور مُستنیر ہے۔ محترم پرویز صاحب نے جو فکر پیش کی ہے وہ بالکل منفرد کیفیت کی حامل ہے۔ اس کا ثبوت اہل جبہ و عمامہ کی غوغا آرائی سے ملتا ہے۔

دوسری انقلابی دعوت: دماغ میں فکر بلند کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے پرویز صاحب کے سینے میں قلب حساس بھی رکھا ہے یہی وہ قلب حساس ہے جس نے ملت کی محرومی کی المناک داستان اور مسلسل ناکامی کی وجہ سے ان کی نیند حرام کر رکھی تھی۔ انہوں نے سب سے پہلے تاریخ انسانیت پر طائرانہ نگاہ دوڑائی۔ ان کے سامنے انسان کے کمال و زوال کے تمام واقعات سینما فلم کی طرح ایک ایک کر کے آتے گئے۔ اب اس بات کا اندازہ لگانا مشکل نہ تھا کہ ملت اسلامیہ کے زوال کا سبب کیا ہے۔ خدا کی طرف سے عطا کردہ قرآنی بصیرت کی بدولت اس مرد دوربین کی نگاہوں نے فوراً بھانپ لیا کہ ملت کا مرض قرآن کی رفاقت سے محرومی ہے۔ اس کا دین مذہب میں تبدیل ہوگیا ہے۔ اس کا مرکز چھن گیا ہے۔ وہ شجرِ ممنوعہ کی طرح ایک سو ایک شاخوں میں بٹ چکی ہے۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور عبادت کا مفہوم بدل گیا ہے۔ مذہبی پیشوائیت، ملوکیت اور سرمایہ دارانہ ذہنیت پیدا ہو چکی ہے۔ جب مرض کی علت اور علامات معلوم ہوگئیں تو علاج بھی سامنے نظر آنے لگا۔ انہوں نے دیکھا نہ یہ مرض نیا ہے نہ اس کے لئے کسی نئے علاج کی ضرورت ہے:

وہی دیرینہ بیماری وہی نامحکمی دل کی
علاج اس کا وہی آبِ نشاط انگیز ہے ساقی

محترم پرویز صاحب نے دکھتی رگ پر انگلی رکھ دی اور لگی لپٹی رکھے بغیر کہہ دیا کہ بیماری قرآن سے دوری کی ہے۔ اور علاج ''تمسک بالقرآن''۔

دین کے نفاذ کے لئے خطۂ ارض کی ضرورت لاینفک ہے

: برادرانِ عزیز! ''الدین'' یعنی اسلامی نظامِ حیات کا ضابطۂ قوانین۔ یعنی قرآن تو موجود تھا مگر اس نظام کی اہم کڑی جس کے بغیر تمسک بالقرآن کا عمل (Process) تکمیل نہیں پا سکتا موجود نہیں تھی۔ یہ اہم کڑی قوتِ نافذہ یعنی مرکزِ ملت تھی۔ قوتِ نافذہ نہ ہو تو قانون نافذ نہیں ہوسکتا۔ لیکن قانون اور قوت نافذہ کے ساتھ خطۂ ارض کی بھی ضرورت ہوتی ہے، جہاں یہ قانون

نافذ کیا جائے۔ امم سابقہ کی تاریخ جو قرآن میں محفوظ ہے' ہمیں بتاتی ہے کہ نظام خداوندی کے نفاذ کے لئے ہر نبی کے پیش نظر خطۂ ارض کی ضرورت لاینفک رہی ہے۔ حضرت موسیٰؑ کی صحرانوردیاں اوران کی تلاطم خیز داستانِ جہاد شاہد ہے کہ وہ ایک ایسے خطۂ زمین کی تلاش میں وقف اضطراب رہے جہاں بنی اسرائیل کو آباد کیا جائے اور وہاں پھر وہ نظام قائم کیا جائے جس کے لئے اللہ نے ان کو مامور کیا تھا۔ یعنی لتجزٰی کل نفس بما تسعیٰ (۲۰/۱۵) ہر فرد اپنی محنت کے بھرپور نتائج حاصل کرے اور کوئی آدمی اپنی محنت کے پھل سے محروم نہ رہے۔

نظریۂ پاکستان : یہ وہ ضرورت تھی جس کا احساس سرسید احمد رحمتہ اللہ علیہ کو ایک عرصہ پہلے ہو چکا تھا۔ اور جس کی آرزو کی تکمیل کے لئے ۱۹۳۰ء میں علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے الہ آباد مسلم لیگ کے اجلاس میں ایک خطبہ کے دوران پاکستان کا منصوبہ پیش کر دیا تھا۔ اس پروگرام کی تکمیل کے لئے اقبال کی جوہر شناس نگاہ نے قائداعظم محمد علی جناح علیہ الرحمتہ کا انتخاب کرلیا تھا۔ نظریہ پاکستان کی مخالفت میں ہندوؤں کے علاوہ نیشنلسٹ مسلمان اور علماء بھی میدان میں نکل آئے تھے۔ اس وقت ایک ایسے مفکر قرآن کی ضرورت تھی جو نیشنلسٹ علماء کو قرآن کی روشنی میں مسکت جواب دے سکے۔ فطرت کی طرف سے یہ فریضہ پرویز صاحب کے سپرد ہوا۔ ۱۹۳۸ء میں قائداعظمؒ نے سرسید اور شاعر مشرق کے حسین خواب کی تعبیر پیش کرنے کے لئے پاکستان کی تحریک چلائی اور اس تحریک کی ہمنوائی میں پرویز صاحب نے ماہ نامہ طلوع اسلام کے اجراء کے ساتھ تحریک طلوع اسلام کا باقاعدہ آغاز کیا۔

عزیزانِ گرامی! وہ کتنا مبارک اور حسین منظر تھا جب یہ دونوں تحریکیں دین خداوندی کے غلبہ کی خاطر پہلو بہ پہلو منزل کی طرف گامزن ہوئیں۔ ان حالات کی روشنی میں دیکھا جائے تو تحریک پاکستان کے اصل محرک سرسید احمد خانؒ حضرت علامہ اقبالؒ حضرت قائداعظمؒ اور محترمی پرویز ہیں۔ طلوع اسلام کا پہلا دور قیام پاکستان پر منتج ہوا۔

دوسرا دور پہلے سے کہیں زیادہ اہم اور سعی و کاوش کا متقاضی تھا۔ کیونکہ خطۂ زمین تو مل گیا تھا لیکن اس قانون' اس نظام کا نفاذ ہنوز باقی تھا جس کی خاطر پاکستان حاصل کیا گیا تھا۔ اس میں قانون خداوندی کا نفاذ اور غلبہ ہی ایسی چیزیں تھیں جنہوں نے پرویز صاحب کو علامہ اقبالؒ کی راہنمائی کے مطابق حضرت قائداعظمؒ کے ساتھ اشتراک پر آمادہ کیا تھا۔ ورنہ طلوع اسلام کو نہ تو مذہبی فرقہ بننا مقصود تھا اور نہ سیاسی جماعت۔ طلوع اسلام کے سامنے نہ کوئی ذاتی مفاد تھا نہ ہوسِ اقتدار۔ اس کے پیش

نظر صرف اسلامی نظام کا نفاذ تھا جس کے ذریعے اقتدار کو خدا اور خدا کے قانون کے لئے مخصوص کیا جائے۔ کیونکہ اسلامی حکومت میں اطاعت اور وفاکیشی کا مرجع خدا کی ذات ہوسکتی ہے۔

تیسری انقلابی دعوت : برادرانِ عزیز! تاریخ گواہ ہے کہ دنیا میں مقابلہ نظامہائے حیات کے مابین ہوتا ہے نہ کہ ذاتی عقائد اور مذاہب کے درمیان۔ جو نظام امن عالم اور سلامتی کی ضمانت دیتا ہے دنیا اس کی طرف جھکتی ہے۔ آپ کے عقائد بظاہر کتنے ہی خوبصورت کیوں نہ ہوں جب تک آپ کے پاس انسان کی خوشحالی کے لئے ٹھوس نظام نہیں ہوگا' آپ کی طرف کوئی آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھے گا۔ جس نے افراد کی ضرورت سے چشم پوشی کی' وہ نظام کبھی پنپ نہیں سکا اور ظاہر ہے یہ مقاصد اسی صورت میں پورے ہو سکتے ہیں جب کسی ملک میں رزق کی فراوانی ہوگی۔ یہی وہ نظریہ ہے جسے طلوع اسلام اس شدومد سے پیش کرتا چلا آ رہا ہے۔ اس نے بتایا کہ یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ کوئی ملک ہو' کوئی بھی نظام ہو' اس کے امن اور سلامتی کا راز اس کی معیشت کے استحکام میں مضمر ہے۔ اس کی خوشحالی کا دارومدار اس کی معاشی حالت پر ہے۔ اس کے باشندوں کی نشوونما کا انحصار اس ملک کی معاشیات پر ہے اور معاشیات کا انحصار ملک کے ذرائع پیداوار پر ہے اور قرآن کی اصطلاح میں ''خزائن الارض'' پر ہے اور خزائن الارض سے پورا پورا فائدہ صرف اور صرف اسی صورت میں حاصل کیا جا سکتا ہے جب وہ افراد کی بجائے قرآنی نظام کی تحویل میں ہوں تاکہ ہر فرد معاشرہ کو اس کی ضرورت کے مطابق ہر چیز مرکز کی طرف سے ملتی رہے۔ یہی وجہ ہے کہ طلوع اسلام نے قرآن حکیم کے ان گوشوں کو ایک ایک کر کے بے نقاب کیا جن کا تعلق اسلامی نظام معیشت سے ہے۔ ان جواہر ریزوں پر مشتمل ایک مبسوط کتاب بعنوان ''نظام ربوبیت'' میں محترم پرویز صاحب نے ایک واضح اور متعین پروگرام پیش کیا ہے۔ تحریک طلوع اسلام کا عملی پروگرام اسی کتاب پر مبنی ہے۔ اس کتاب میں نظام حیات کے تمام پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اس مختصر سے وقت میں ان کو کلیتہً تو نہیں دہرا سکتا البتہ ان کا خلاصہ عرض کرتا ہوں۔

نظامِ ربوبیت میں کیا ہے : (۱) اس نظام کی رو سے قرآن ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کرتا ہے جس میں تمام افراد کی مضمر صلاحیتوں کی کامل نشوونما ہو جاتی ہے اور کوئی فرد معاشرہ اپنی ضروریات زندگی سے محروم نہیں رہتا۔ (اسے ربوبیت عامہ یعنی تمام نوع انسانی کی پرورش سے تعبیر کیا جاتا ہے)۔

(۲) کوئی فرد بھوکا' ننگا' یا بے گھر نہیں رہے گا۔ تمام افراد کے لئے خوراک' لباس اور مکان کا انتظام کرنا

معاشرہ کے ذمہ ہوگا۔

(۳) معاشرہ کی یہ بھی ذمہ داری ہوگی کہ ہر شخص کی تعلیم وتربیت، علاج معالجہ کا تسلی بخش اور بلا قیمت انتظام کرے۔ تعلیم وتربیت کا منشاء حصول علم کے علاوہ فرد کی ذات کا استحکام اور اس کی مضمر صلاحیتوں کی پوری پوری نشوونما ہوگا۔ بالفاظ دیگر معاشرہ کا وجود فرد کی ذات کی تکمیل کے لئے ہوگا۔

(۴) ربوبیت عامہ کے مقصد عظیم کے حصول کے لئے (قرآن کی رو سے) ضروری ہے کہ رزق کے سرچشمے افراد کی ملکیت کے بجائے قرآنی معاشرہ کی تحویل میں رہیں۔ تاکہ رزق کی تقسیم ہر ایک کی ضرورت کے لحاظ سے ہوتی رہے۔ اور اس طرح کوئی انسان کسی دوسرے انسان کا محتاج نہ رہے۔ اس کو قرآنی نظامِ ربوبیت کہا جاتا ہے۔

تصریحات بالا سے ظاہر ہے کہ قرآن ایک ایسا نظام حیات تجویز کرتا ہے جو افراد کی معاشی ہمواری کا ضامن ہے۔ وہ اس کا واحد حل یہ بتاتا ہے کہ تمام ذرائع آمدن ووسائل پیداوار اور رزق کے سرچشمے نظام اسلامی کی تحویل میں ہوں اور وہاں سے ہر چیز حسب ضرورت افراد معاشرہ میں مساویانہ تقسیم ہو۔ اس طرح کوئی فرد کسی دوسرے فرد کا محتاج نہ ہو اور یہی وہ واحد طریقہ ہے جس سے ایک انسان صحیح معنوں میں خدا کی محکومی اور فرمانبرداری اختیار کرسکتا ہے جس کے لئے اس کو پیدا کیا گیا ہے۔

صبر واستقامت: لیکن پاکستان بننے کے ساتھ ہی، جیسا کہ ہوا کرتا ہے، ایسی جماعتیں بھی پاکستان میں آ گئیں جن کا کام غولِ راہ بن کر اولادِ آدم کو بھٹکانا تھا۔ سب سے بڑی بدنصیبی یہ کہ پاکستان بننے کے ایک سال بعد قائداعظمؒ بھی داغِ مفارقت دے گئے اور اس نوزائیدہ پودے کو ابتدا ہی میں بادِ سموم کی مہلک آندھیوں سے سابقہ پڑ گیا۔ یعنی یکے بعد دیگرے ایسی حکومتیں بنتی رہیں جن کے بنانے والوں کے پیش نظر ذاتی مفاد اور اقربا پروری کے سوا کچھ بھی نہ تھا۔ لیکن

قیدِ قفس کے بعد کرے گا قید گلستاں کون گوارا
اب بھی وہی زنجیریں ہیں گو پہلی سی جھنکار نہیں

لیکن طلوع اسلام جس نے حصول پاکستان کی جدوجہد میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا تھا، اپنی محنتوں کے ماحصل اور ملت کے مزرعِ شاداب کو اس طرح پامال ہوتے نہیں دیکھ سکتا تھا۔ اس نے صبر واستقلال کو ہاتھ سے نہ جانے دیا۔ اور ایک بار پھر پوری آب وتاب کے ساتھ میدان میں نکل آیا تاکہ پھر سے عوام کو قرآن کے رموز واسرار سے روشناس کرائے اس مقصد کے تحت پاکستان میں اور پاکستان کے باہر غیر ممالک میں طلوع اسلام کی بزم قائم کی گئیں۔ تاکہ ان کی وساطت سے طلوع اسلام کی پیش

کردہ فکر کو عام کیا جائے۔ علاوہ ازیں پرویز صاحب کی شبانہ روز محنت کی بدولت عوام کو ایسا لٹریچر ملتا رہا جس کے وہ صدیوں سے منتظر چلے آ رہے تھے۔ سلسلۂ معارف القرآن' مفہوم القرآن' لغات القرآن' سلیم کے نام خطوط' نظام ربوبیت اور وقتاً فوقتاً اشاعت پذیر ہوتے رہنے والی کتب اور پمفلٹوں نے قوم کے جسد مردہ میں نئی روح پھونک دی۔ مذہبی پیشوائیت جو اکاس بیل کی طرح شجرِ ملت کو اپنے شکنجے میں لئے ہوئے تھی' اس کے بل ڈھیلے پڑ گئے۔ ندرتِ فکر اور جدتِ کردار جسے مذہبی پیشوائیت نے بحقِ خود ضبط کر رکھا تھا' عوام کو واپس ملنے لگی اور مسلمان ایک بار پھر تفکر و تدبر کی کشادہ شاہراہ پر دلجمعی سے گامزن ہو گیا۔ یہ قرآن کا اعجاز تھا اور پرویز صاحب کا درد بھرا دل' جو حقائق کو پا کر چپ نہ رہ سکا۔

تھا ضبط بہت مشکل اس سیلِ معانی کا
کہہ ڈالے قلندر نے اسرار کتاب آخر

سلسلۂ نشرواشاعت کی انقلاب انگیز تازہ تصنیف (Islam:A Challenge to Religion)..... ہے جو پرویز صاحب کی عمر بھر کی قرآنی فکر کا انمول شاہکار ہے۔ اس پر کچھ زیادہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ صرف اتنا کہوں گا ؎

ایں کتابے نیست چیزے دیگر است

حرفِ آخر: طلوع اسلام کا پروگرام ہنگامے برپا کرنا نہیں۔ اس کے پیش نظر نہایت پرامن اور آئینی طریق سے قرآنی فکر کو عام کرنا ہے۔ یہ نہ کوئی مذہبی فرقہ ہے' نہ سیاسی پارٹی اور نہ ہی اس کا مقصد چندے جمع کرنا ہے۔ اگرچہ اس کے پاس سامان و ذرائع کی بے حد کمی ہے پھر بھی یہ اپنی منزل کی طرف بڑی سرعت سے بڑھتے چلا جا رہا ہے۔ طلوع اسلام کے لئے اس سے بڑھ کر اور زادراہ کیا ہو سکتا ہے کہ جب وہ دین کی آواز کو بلند کرتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کائناتی قوتیں اس کا ساتھ دے رہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ طلوع اسلام کی آواز نے ہر سننے والے کو متاثر کر دیا ہے اور اس کو رک رک کر سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ کہیں یہ میرے ہی دل کی آواز تو نہیں اور نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ طلوع اسلام کے ہمنوا تو ایک طرف' اس تحریک کے شدید ترین مخالف بھی اپنے مواعظ اور تقاریر میں خیالات تو کجا' اصطلاحات' استعارات اور اکثر اوقات الفاظ تک بھی وہی استعمال کرتے ہیں جو طلوع اسلام نے قرآن پیش کرتے وقت استعمال کئے ہیں۔ کیا یہ انقلاب عظیم نہیں ہے کہ ؎

حُسن کے رازِ نہاں شرح و بیاں تک پہنچے
آنکھ سے دل میں گئے دل سے زباں تک پہنچے
دل نے آنکھوں سے کہی آنکھ نے ان سے کہہ دی
بات چل نکلی ہے' اب دیکھیں کہاں تک پہنچے

پیش لفظ

[بزمِ طلوع اسلام' لاہور کی مساعی ء جمیلہ سے ''مطالب الفرقان فی دروس القرآن'' کے سلسلہ کی چوتھی' پانچویں اور چھٹی جلد عنقریب زیور طباعت سے آراستہ ہوا چاہتی ہیں۔ ان میں سے ایک جلد سورہ الحج کا دیباچہ جو کہ محترم چیئرمین ادارہ نے تحریر فرمایا ہے۔ قارئینِ طلوع اسلام کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے۔ (ادارہ)]

ادارہ طلوع اسلام لاہور کے لیے یہ امر باعث صد افتخار ہے کہ بزمِ طلوع اسلام لاہور نے محترم پرویزؒ کے پیش کردہ ہفتہ وار دروسِ قرآن کو قرطاس پر منتقل کرنے کے لیے جس پروگرام کا آغاز ''مطالب الفرقان فی دروس القرآن'' کے زیرعنوان جناب ڈاکٹر منظور الحق صاحب کی زیرنگرانی شروع کیا تھا۔ اس کے تحت اس سے پیشتر سورۃ النحل' سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ الکہف و مریم کی شکل میں الگ الگ تین جلدیں شائع ہوچکی ہیں اور اب اسی سلسلہ کو جاری رکھتے ہوئے بزم لاہور مذکورہ دروسِ قرآن کی مزید تین سورتیں یعنی سورۃ طٰہٰ' سورۃ الانبیاء اور سورۃ الحج پر مشتمل الگ الگ کم و بیش چار چار سو صفحات پر پھیلی ہوئی تین جلدیں فکر قرآنی سے آگہی رکھنے والے احبابِ ذوق سلیم کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ یاد رہے کہ سورۃ الحج کے متعلق دروسِ قرآن کا آغاز 24 نومبر 1976ء کو اور اختتام 20 مارچ 1977 کو ہوا تھا۔

ان دروس میں حج کے مقاصد و مناسک' حج اور عمرہ میں فرق' قرآن سے پہلے کعبہ کی تولیت اور وہاں کی پیشوائیت باطلہ کے کردار کی بڑی تفصیل کے ساتھ تشریح کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ عرب میں دو تین بڑے شہر تھے' مکہ کو ان میں مرکزی حیثیت حاصل تھی' قبائل جو صحراؤں میں رہتے تھے انہیں بدوی یا اعراب کہا جاتا تھا۔ عرب میں مکہ کی مرکزی حیثیت کعبہ کی وجہ سے تھی' کعبہ کے متولی قریش کے پاس باضابطہ کوئی حکومت نہ تھی' ان کی زندگی قبائلی زندگی ہی تھی گو مکہ جیسا شہر تھا لیکن وہاں زندگی قبائلی سطح ہی کی تھی' جس طرح سے پنچائتیں ہوتی ہیں' ابھی بادشاہت کا تصور نہیں تھا لیکن جسدِ انسانیت کے لیے تینوں جذامی قوتیں یعنی فرعونیت' قارونیت اور ہامانیت وہاں موجود تھیں۔ انسانوں پر انسانوں کی حکومت تھی لیکن اس کا نام ملوکیت یا بادشاہت نہیں تھا۔ وہاں نہ کوئی فوج تھی' نہ پولیس تھی' نہ قانون تھا' راستے تک بھی نہیں تھے' دن دیہاڑے قافلے لٹتے تھے' لوٹ مار پر ہی اکثر اس قوم کا گذارہ تھا۔ آمدنی کے کوئی باقاعدہ ذرائع نہیں تھے' جسے آج بھی غنیمت کہا جاتا

ہے۔ وہ یہی مال مویشی تھے جو یوں ہاتھ آ جاتے۔ غنیمت کا تو لفظ ہی غنم سے ہے یعنی بھیڑ بکریاں جو وہ لوٹ کے لے جاتے تھے۔

قریش کے متعلق تو قرآن کریم نے شہادت دی ہے کہ کعبہ کی تولیت کی بنا پر' سردی ہو یا گرمی' ان کے قافلوں کو کوئی نہیں لوٹتا تھا۔ (رحلۃ الشتاء والصیف، ۱۰۶۔۲)

یعنی اس ملک میں جہاں کسی کا کوئی قافلہ محفوظ نہیں تھا وہاں ان کے قافلے رواں دواں چلتے رہتے، کسی کی جرأت نہیں تھی کہ ان قافلوں پر ہاتھ ڈالے' یہ لوگ مذہبی تقدس سے فائدہ اٹھاتے تھے' عربوں کے ہاں یہ عقیدہ مشہور تھا کہ جو قریش کعبہ کے متولی ہیں ان کی کسی چیز کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیے اور تو اور جب لوگ حج کے لیے آتے تھے تو اپنے ساتھ مویشی لاتے تھے وہ چڑھاوے چڑھاتے تھے' وہاں جانور ذبح کرتے اور کھاتے تھے' وہ آتے ہوئے ان جانوروں کے گلے میں ایک پٹہ ڈال دیتے تھے جس پر لکھا ہوتا تھا کہ یہ کعبے جا رہے ہیں۔ غور فرمائیں مذہبی پیشوائیت سرمایہ داری کی کس قدر عجیب اور لطیف شکل ہے۔ سرمایہ دار کو تو کچھ سرمایہ لگا کے آمدنی آتی ہے جب کہ یہ کچھ بھی Invest نہیں کرتے' کوئی سرمایہ نہیں لگاتے اور آمدنی چلی آ رہی ہے۔

یہ عجیب انڈسٹری ہے' قریش مکہ بھی تاجر تھے' مکہ ایک مرکزی منڈی تھا' پھر ان کے ہاں جو حج تھا' وہ صرف ان چیزوں کے لیے ہی رہ گیا تھا' اب بھی ہمارے ہاں میلوں پہ منڈیاں لگتی ہیں' آپ سمجھ لیں کہ حج ان کے ہاں سارے ملک کی سب سے بڑی منڈی تھی اور وہ جو چھوٹی چھوٹی منڈیاں لگتی تھیں تو وہ ان کے ہاں عمرہ کہلاتی تھیں۔

قرآن آیا اس نے دین کا تصور دیا' کعبہ تو اوّل دن سے بنایا ہی اس لیے گیا تھا کہ نوع انسانی کو پروردگار کی طرف سے رہنمائی عطا کی جائے' اس کے الجھے ہوئے معاملات و مسائل کو سلجھایا جائے' انسان پر انسان کی بجائے قوانین خداوندی کی حکمرانی ہو' بالفاظ دیگر کعبہ شروع سے اس پروگرام کا ایک مرکزی محسوس مقام تھا۔ لیکن افسوس اس کی یہ حالت بگڑ گئی اور دین مسخ ہو کے مذہب بن گیا اور آخر کار دین کے جو شعائر تھے Symbols تھے' وہ آہستہ آہستہ بت پرستی میں تبدیل ہو گئے اور ان کی پرستش ہونے لگ گئی۔

اب صدیوں بعد حضور نبی اکرمؐ کے مقدس ہاتھوں سے مملکت خداوندی قائم ہو رہی تھی' فتح مکہ کی غرض یہ نہ تھی کہ رسولؐ اللہ کو اس مملکت کی بڑی ضرورت تھی یعنی یہ کہ ایک شہر اُن کے ہاتھ آ جائے۔ عزیزانِ من! یہ بات تھی ہی نہیں بلکہ جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے حکومت خداوندی کا مرکز یہی وہ کعبہ تھا جسے پہلے دن سے اسی ہی غرض کے لیے بنایا گیا تھا۔ اس لیے اس ساری کائنات کے مالک خدا نے اس کو اپنا گھر کہا ورنہ کائنات میں کونسا مقام ہے جو خدا کا نہیں ہے۔

سوچیے کہ کعبے کے مجاوروں سے اگر یہ درگاہ چھن جائے تو باقی ان کے پاس رہتا ہی کیا تھا۔ یہ تھی اصل کشمکش یعنی وہ اسلام کے اس عادلانہ نظام کو متشکل نہیں ہونے دینا چاہتے تھے اور نہ ہی وہ یہ چاہتے تھے کہ کعبہ کی درگاہ کی تولیت کسی

دوسرے کے ہاتھ میں چلی جائے کیونکہ اس امر سے ان کا کچھ بھی باقی نہیں بچتا تھا۔

اس تناظر میں قرآن نے کہا ''**ان الذین کفروا یصدون عن سبیل اللہ و المسجد الحرام الذی جعلنہ للناس سواء ن العاکف فیہ و الباد** (22:25)

یہ نظام جس کے حسین اور خوشگوار نتائج کا ذکر پہلے کیا گیا ہے کا مرکز کعبہ ہے۔ یہ وہ واجب الاحترام مقام ہے جو تمام انسانوں کے لیے اطاعت خداوندی کا سرچشمہ قرار پائے گا۔ اسے ہم نے نوع انسان کے لیے خواہ وہ یہاں کے رہنے والے ہوں یا باہر سے آنے والے ان سب کے لیے یکساں طور پر کھلا رکھا ہے۔ لیکن یہ لوگ اس نظام عدل و احسان سے خود بھی سرکشی برتتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی اس کی طرف آنے سے روکتے ہیں۔ جبکہ ان کی اس دھاندلی کو روک دینے کا وقت آ گیا ہے۔

قرآن نے کعبہ کو نوع انسانیت کے لیے بطور OpenCity کھلا شہر بتایا ہے۔ **ومن یرد فیہ بالحاد بظلم نذقہ من عذاب الیم** (22:25)

جس مقصد کے لیے ہم نے اسے متعین کیا ہے اس کے خلاف جو کوئی روش اختیار کرے گا تو ہم اس کو عذاب الیم دیں گے۔

الحج جس کا مادہ ح ج ج ہے کا معنیٰ ہے قصد کرنا' ارادہ کرنا۔ اسی مادہ سے لفظ حجت یعنی دلیل ہے۔ اسی لیے ابراہیمؑ سے کہا گیا کہ **واذن فی الناس بالحج** (22:27) تم لوگوں میں اعلان کر دو کہ وہ اپنے معاملات میں آخری دلیل و حجت کے لیے یہاں آیا کریں۔ نوع انسانی میں اعلان کر دو کہ جو متنازعہ فیہ معاملات ہیں ان کو لٹھ بازی سے' جنگ سے' شمشیر سے' جھگڑے اور لڑائی سے طے نہ کرو بلکہ اس مقام پہ آؤ' یہاں تمام معاملات کے فیصلے دلیل اور حجت کی رو سے ہوں گے۔ خدا کے اس گھر کا مقصد یہ تھا۔

آپ دیکھیں گے کہ قرآن میں جہاں بھی کعبہ کا ذکر آیا ہے۔ وہاں الناس کا ذکر ہے۔ یعنی کعبہ کو نوع انسانی کے لیے ایک مرکزی مقام بنانے کا ذکر ہے' نوع انسانی کے لیے ہدایت کا ذکر ہے۔ نوع انسانی کے قیام یعنی اس کے اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کا ذکر ہے۔ لہٰذا اس مقصد کے حصول کے لیے نوع انسانی کو دعوت دی ہے کہ وہ آئیں اور اپنی آنکھوں سے دیکھیں کہ ان کی منفعت کے لیے کیا کچھ کیا جا رہا ہے۔

سو' ربوبیت عالمینی کے اس عظیم الشان پروگرام کی تکمیل اور اس کے استحکام کی خاطر یہ ضروری قرار پایا کہ کرہ ارض کے کونے کونے میں پھیلی ہوئی ملت اسلامیہ کے نمائندگان سال میں ایک بار اجتماعی طور پر کعبہ کے سائے میں جمع ہوں تاکہ اپنے اپنے دور کے تقاضوں کے پیش نظر حیاتِ اجتماعیہ کے مختلف عقدوں کا حل خدائے علیم وخبیر کی طرف سے عطا کردہ ضابطۂ حیات کی روشنی میں باہمی افہام وتفہیم کے تحت تلاش کرتے ہوئے اسے مربوط شکل میں پیش کریں' اور پھر اسی مقصد کے تحت

گاہے گاہے چھوٹی چھوٹی کانفرنسوں کا بھی انعقاد ہو جسے عمرہ کے نام سے ماسوم کیا جاتا ہے۔

برادران عزیز! یہ تھا حج کا وہ مقصدِ عظیم جس کے حصول کی خاطر کعبہ کو نوع انسانی کے لیے مرکز بنانا مقصود تھا۔ اقبال نے شاید انہیں حقائق کی بنیاد پر کہا تھا کہ:

مکے نے دیا خاک جنیوا کو یہ پیغام
جمعیتِ اقوام کہ جمعیتِ آدم؟

اب دیکھنا یہ ہے کہ ملتِ اسلامیہ اس صراطِ مستقیم پر گامزن ہونے کے لیے اپنا رختِ سفر کب باندھتی ہے کہ جس کو دیکھنے کے لیے آسمان عالم صدیوں سے چشم براہ ہے۔

والسلام

محمد شریف لون

چیئرمین، ادارہ طلوع اسلام، لاہور

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قرآن حکیم کے طالب علموں کے لیے خوشخبری

علامہ غلام احمد پرویزؒ کے سات سو سے زائد دروسِ قرآنی پر مبنی تفسیری سلسلہ کے تحت سورۃ النحل، سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ الکہف و مریم کی اشاعت کے بعد بزم لاہور سورۂ طٰہٰ، سورۃ الانبیاء اور سورۃ الحج کو الگ الگ تین جلدوں میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ بڑی تقطیع، بہترین عمدہ کاغذ، خوبصورت پختہ جلد اور کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ نہایت مناسب قیمت پر دستیاب ہیں۔

نام کتاب	موجودہ قیمت	نام کتاب	قیمت
سورۃ النحل	150/-	سورۂ طٰہٰ	180/-
سورۃ بنی اسرائیل	175/-	سورۃ الانبیاء	150/-
سورۃ الکہف و مریم	200/-	سورۃ الحج	180/-

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جمیل احمد عدیل

مسئلہ جنات

(گذشتہ سے پیوستہ)

بلاشبہ بعض مواقع پر یہ خاص پس منظر میں اور معانی بھی دیتا ہے۔ جیسے ہٹیلا' غصیل' ضدی' سرکش' باغی آدمی کو بھی اصحابِ علم نے ''جن'' سے موسوم کیا ہے۔ ناری صفت' مغلوب الغضب اور شعلہ زن افراد بھی ''جن'' کہلائے۔ ابلیس کی شناخت بھی ایسے اشخاص سے منسوب ہوئی لیکن بہرنوع اس میں تستیر' پنہانی اور پوشیدگی کا مفہوم موجود ہے۔

جنین کا مادہ بھی جن بتایا جاتا ہے کیونکہ یہ بھی رحم مادر کے اندر مستور ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ جنون بھی کیونکہ یہ بھی مخفی اور پوشیدہ صفت کا نام ہے۔ اسے الگ طور پر کوئی مادی لحمیت اور حیثیت نہیں دی جا سکتی کہ اس مادے کا نام ''جنون'' ہے۔ بلکہ ایک روشن فکر کی تحقیق کے مطابق لفظ جنت بھی جن کے لغوی معانی کی تائید کرتا ہے کیونکہ یہ بھی مستور ہے۔ عربوں کے ہاں جنت اس باغ کو کہتے ہیں جس کی زمین درختوں کی کثرت کی وجہ سے نظر نہ آئے۔ (راغب)

لغت مزید رہبری کرتی ہے جـنـن قبر کو کہتے ہیں کیونکہ وہ مردہ کو چھپا لیتی ہے۔۔۔ عربوں کے ہاں مجنون کے متعلق یہ سمجھا جاتا تھا کہ اسے جن چمٹ گیا ہے۔

صاحبو! لفظ 'جن' کی لغوی تحقیق کا ذکر آ گیا ہے تو اس باب میں ممتاز علمی شخصیت جناب غلام احمد پرویزؒ کی مرتبہ ''لغات القرآن'' جلد اول کے صفحہ ۴۴۴ تا ۴۴۹ کا ایک بار مطالعہ کر لیجئے۔ یہ چار پانچ صفحات سینکڑوں اوراق کے مجموعے پر بھاری ہیں۔ اس موضوع کا اس قدر موثر خلاصہ تیار کر دینا' سمجھ نہیں آتی' رشک کا اظہار کریں یا نقش حیرت بن جائیں!۔ اللہ تعالیٰ قرآن کے اس عدیم النظیر مفتون کی روح پر اپنے افضال کی بارش برابر برساتا رہے۔ ایسی شفافیت کہ من وجد کر اٹھتا ہے۔ خدارا ایک بار ان مُستنیر الفاظ کو اپنے آئینہ ابصار کے روبرو آنے کا موقع دیجئے' پھر دیکھئے کیسے دبستاں کھلتا ہے!!!۔

جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ قرآن مجید میں لفظ جن متعدد مقامات پر استعمال ہوا ہے لیکن آپ یہ جان کر حیران ہوں گے کہ کسی ایک جگہ بھی اس مفہوم کا موید نہیں جو عوام کالانعام میں رائج ہے کہ جناب جن بے چارے/ نمانے انسان کو چمٹ جاتے ہیں۔ پھر پیشہ ور عاملین خاص عملیات' تعویذات' دم' وظائف' ٹونے ٹوٹکے' توڑ اور جھاڑ پھونک سے ان جنوں کو نکالنے کا کارنامہ انجام دیتے ہیں۔ افسوس تو اس بات پر ہے کہ ہمارے مذہبی رہنما' جبہ پوش' عمامہ بردار' پیرانِ طریقت' دانش گاہوں کے سند یافتہ' کلین شیو' پڑھے لکھے۔۔۔ سب کے سب خیر سے 'جنات زدگی' کا بری طرح شکار ہیں۔ بھوت' پریت' عفریت' چھل پیری' پری' ڈائن' چڑیل' آسیب' بلا' مؤکل' بدروح' دیو' سایہ' اسر' جادو' سعالہ' پکھی اور ہوائی مخلوق ان کے اذہان پر سوار ہیں اور ہر لحظ کسی ایسی ہی نادیدہ مخلوق سے خوفزدہ رہتے ہیں۔ تفصیل میں کیا جائیں ہر شخص کے پاس عجیب وغریب اور ہوشربا قصوں کا خاصہ خزانہ عامرہ موجود ہے۔

وجعلوا لله شركاء الجن.....

اور دیکھو ان لوگوں نے خدا کے ساتھ جنوں کو طاقت و تصرف میں شریک ٹھہرا لیا ہے۔ (۶/۱۱۰)

ابھی شاید وہ جواب قدرے ادھورا ہے کہ حضورﷺ کی رسالت کی Jurisdiction کہاں تک تھی؟ آیئے بارگاہ نبویﷺ سے ہی معلوم کرتے ہیں۔ آپﷺ اپنی ذات کے ودیعتی خصائص خمسہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مجھے پانچ نمایاں تر اوصاف میں دیگر انبیاء ورسل پر امتیاز حاصل ہے۔ ان میں سے ایک کی بابت آپﷺ نے یہ ارشاد فرمایا۔

كان النبى يبعث الىٰ قومه خاصة

پہلے ہر فرستادہ خاص اپنی ہی قوم کی جانب مبعوث ہوا کرتا تھا۔

وبعثت الى الناس عامة

لیکن مجھے کائنات ارضی کے جملہ انسانوں کی طرف مامور کیا گیا ہے۔

یہاں آپﷺ نے صرف 'انسانوں' فرمایا ہے کسی اور مخلوق کا ذکر نہیں کیا۔

اگر بالفرض قوم جنات اپنی نوع کے اعتبار سے یکسر جداگانہ تشخص کی مالک مخلوق ہے۔ وہ انسان نہیں ہیں تو پھر سورۃ انعام کی اس آیت کے مفہوم کا تعین

کیسے ہوگا؟

و یوم یحشرھم جمیعا یٰمعشر الجن قد استکثرتم من الانس و قال اولیٰئھم من الانس ربنا استمتع بعضنا ببعض..... (۶/۱۲۸)۔

اور یوم الحساب کو جب سب کو اکٹھا کیا جائے گا تو ہم جنوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہیں گے۔ اے گروہ جنات! تم نے اکثر حصہ انسانوں کا اپنے قابو میں کیا ہوا تھا۔ یہ دونوں گروہ ایک دوسرے سے بہت فائدے اٹھاتے تھے۔

جی کیا فرماتے ہیں علمائے دین بیچ اس مسئلہ کے؟ کیا انسانوں کی کثرت جنات کی مضبوط گرفت میں ہے؟ [1] جنات کیا اسی طرح انسانوں کو بلیک میل یا Exploit کر کے اپنا اُلّو سیدھا کر رہے ہیں؟ اسی طرح یہ جائزہ بھی لے لیتے ہیں کہ حضرات انسان اپنے جن بھائیوں سے کس قدر مستفیض و مستفید ہو رہے ہیں؟ اس تمتع کو کیا کوئی صاحبِ تقویٰ شماریات کے علم میں اسیر نہیں کر سکتا؟ دیکھئے اگر تو ''بے عملوں'' کے معملوں میں جھانک کر دیکھیں، تو واقعی ملت بیضا سجدہ ریز دکھائی دیتی ہے۔ بادی النظر میں یوں لگتا ہے کہ یہ سارے مجبور (نفسیاتی مریض) جنوں کے فولادی پنجوں میں بری طرح جکڑے ہوئے ہیں۔ لیکن یہ حقیقت کھلتے ہوئے دیر نہیں لگتی کہ قیدی بھی انسان ہیں اور انہیں قید کرنے والے بھی انسان ہیں۔ گویا صید بھی انسان اور صیاد بھی انسان۔ وہی Cunning عامل (جو بدقسمتی سے ''انسان'' ہے) اپنے مرید انسان کی اُون اتار رہا ہوگا۔ ہم نے تو آج تلک یہ نہ دیکھا کہ ضرورت مند مرید نے پیر سائیں سے درخواست کی ہو، حضور والا! بندہ بڑا غریب ہے، کرائے کا مکان ایفورڈ نہیں کر سکتا، اپنے کسی Active سے ''جن'' کو حکم فرمائیے کہ اس محتاج کو دس مرلے کا گھر فی الفور تعمیر کر دو۔ اور پھر یہ ہوا ہو کہ پلک جھپکتے ہی ایک عدد فرنیشڈ گھر اس نادار کے لئے تیار ہو گیا ہو۔ ہمیں بے ساختہ ہنسی آ رہی ہے کہ اگر جنات یونہی بے گھر انسانوں کو گھر بنا کر دینے کی قدرت رکھتے ہوتے تو وہ خود بے چارے بوتلوں، شیشیوں، تربوزوں اور خربوزوں میں نہ رہتے۔

جی نہیں چاہتا اس آیت کا قرآنی مفہوم بتائے بغیر آگے بڑھ جائیں، سنئے۔

''جب وہ نظام قائم ہوگا تو ان مخالفین کی تمام پارٹیاں اکٹھی کی جائیں گی۔ شہری لوگ جو

---

[1] آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور امریکہ کی صورتوں میں اقوام عالم کو جو جنات چمٹے ہوئے ہیں۔ ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟

اسکیمیں بنایا کرتے تھے اور بدوی جو ان اسکیموں کو کامیاب بنانے کے لئے ان کے دست و بازو بنا کرتے تھے۔۔۔ ان بدوی لوگوں سے کہا جائے گا کہ تم نے ان شہری پارٹیوں سے بہت کچھ فائدہ اٹھایا اور ان پارٹیوں کے سرغنے اس حقیقت کے اعتراف پر مجبور ہوں گے کہ ہم اس دعوت کی مخالفت میں ایک دوسرے کو استعمال کیا کرتے تھے تا آنکہ وہ وقت آ پہنچا جو ہمارے اعمال کے ظہورِ نتائج کے لئے مقرر تھا۔ (اور آج ہم اس طرح بندھے کھڑے ہیں) ان سے کہا جائے گا کہ تمہارا ٹھکانہ تباہیوں کا وہ جہنم ہے جس میں تمہیں ہمیشہ رہنا ہوگا۔ اس میں تبدیلی خدا ہی کے قانون کے مطابق ہوسکتی ہے اور ایسا ہوگا نہیں۔ وہ قانون یکسر علم وحکمت پر مبنی ہے۔'' (۶/۱۲۸)۔

ایک قدم اور آگے بڑھایئے اور دیکھئے قرآن اس مسئلے کو کس قدر سادہ مگر دلنشیں انداز میں واضح کرتا ہے۔

یٰمعشر الجن و الانس الم یاتکم رسل منکم یقصون علیکم اٰیتی وینذرونکم لقاء یومکم ھذا قالو شھدنا علیٰ انفسنا و غرتھم الحیوۃ الدنیا و شھدو اعلی انفسھم انھم کانوا کٰفرین o

''ہم اس دن ان دونو ں گروہوں۔۔۔ بدویوں اور شہریوں۔۔۔ سے پوچھیں گے کہ کیا تمہاری طرف ہمارے پیغمبر نہیں آئے تھے جو تمہارے اپنے ہی بھائی بند تھے۔ کوئی غیر نہیں تھے۔ وہ تمہارے سامنے ہمارے قوانین پیش کرتے تھے اور تمہیں آگاہ کیا کرتے تھے کہ ایک دن تمہارے اعمال کے نتائج تمہارے سامنے آ کر رہیں گے۔ اس پر وہ اقرار کریں گے کہ یہ ٹھیک ہے۔ اس کے لئے کسی خارجی شہادت کی بھی ضرورت نہیں۔ ہم خود اپنے خلاف شہادت دیتے ہیں۔۔۔''! (۶/۱۳۱)

غور کیجئے ایک طرف یہ فرمایا جنات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے تھے (۴۶/۳۰) [1] دوسری جانب جنات سے استفسار کیا جا رہا ہے' اب جب نتائج کا موعود دن آ گیا ہے' بولتے کیوں نہیں ہو کیا تمہیں ہدایت سے روشناس کرنے کے لئے' قوانین

[1] فتح البیان جلد ۸ صفحہ ۳۵۵ میں ان جنات کی یہ تشریح کی گئی ہے کہ جن جنات کو آپ ﷺ پر ایمان لانے کی سعادت حاصل ہوئی وہ نصیبین واقع عراق کا رہنے والا ایک گروہ تھا جو یہودی مذہب سے متعلق تھا' مصلحت کے تقاضوں کے پیش نظر اس گروہ کے افراد رسولؐ خدا سے خفیہ طور پر ملے تا کہ ان کے لئے مسائل کھڑے نہ ہوں۔

خداوندی کا ادراک عطا کرنے کے لئے میرے مقرر کئے ہوئے مرسل تم تک نہیں پہنچے تھے؟ اور ساتھ ہی یہ وضاحت بھی کر دی کہ وہ مرسلین کوئی غیر نہیں تھے۔ تم میں سے تھے' تمہاری نوع سے ہی تعلق رکھتے تھے۔ مبادا تم یہ عذر لنگ پیش نہ کرنے لگ جاؤ کہ ہم انہیں اپنا رول ماڈل کیسے یقین کر لیتے کہ وہ تو کسی اور ہی نوع سے تعلق رکھتے تھے۔ کہا' نہیں 'منکم' وہ تم میں سے تھے۔۔۔۔ اب چاہئے تو یہ تھا کہ انسانوں کے رسول انسانوں میں سے ہوتے اور جنات کے رسول قومِ جنات میں سے۔ اگر 'من کم' میں جنوں کے رسول الگ بھی ہیں یعنی جنوں میں بھی رسول مقرر ہوئے ہیں تو کیا کسی انس نے کبھی کسی جن رسول کی بیعت کی ہے؟ اگر نہیں کی تو جنوں کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ وہ جن رسولوں کے ہوتے ہوئے انس رسولوں پر ایمان لاتے پھریں؟ قرآن نے اس ضمن میں اپنی رہنمائی کو نامکمل نہیں چھوڑا۔ اس کا اصولی فیصلہ ہے کہ ہر مخلوق میں رشد و ہدایت اسی مخلوق کے باشندوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

قل لوکان فی الارض ملٰئکۃ یمشون مطمئنین لنزلنا علیھم من السماء ملکاً رسولا (۱۷/۹۵)۔

''ان سے کہو کہ انسانوں کو رسول بنا کر اس لئے بھیجا جاتا ہے کہ دنیا میں انسان بستے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا کہ زمین میں فرشتے چلتے پھرتے اور سکونت پذیر ہوتے تو ہم ان کے لئے آسمان سے فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے۔''

اسی مضمون کی آیت سورۃ زخرف میں بھی ملتی ہے۔ (۴۳/۶۰)۔

اب اس سے زیادہ اور کیا وضاحت ہو کہ جب جنوں اور انسانوں دونوں کو ایک ہی رسول کا پابند کیا گیا ہے اور وہ رسول انسان ہے اور اس کی بابت دو ٹوک لفظوں میں صراحت کر دی گئی ہے:

قل یٰایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا۔

''اے رسولؐ! تم تمام نوع انسان سے پکار کر کہہ دو کہ میں قبائل و اقوام کی قیود اور نسلی' وطنی اور مذہبی گروہ بندیوں کی حدود سے بلند ہو کر پوری کی پوری انسانیت کی طرف خدا کا پیغامبر بن کر آیا ہوں۔۔۔!'' (۷/۱۵۸)۔

صاحبو! یہ بڑی عجیب آیت ہے' بے حد گہرے معانی کی حامل۔ یہ تائید کر رہی ہے وما ارسلنک الا رحمۃ اللعالمین کے مضمون کی' کہ تمام عالمین کی ہدایت کا سرچشمہ اب

صرف اور صرف ذاتِ محمد مصطفیٰ ﷺ ہے۔ حضور ﷺ کی اطاعت یعنی قرآن کی پیروی کے بغیر ممکن نہیں کہ دنیا کا کوئی فرد قوانین خداوندی کا شعور حاصل کر سکے۔ اور ساتھ ہی تحدید و تخصیص کا اہتمام بھی کر رہی ہے کہ آپ ﷺ سے روشنی پانے کی فطری استعداد صرف بنی نوع انسان ہی رکھتے ہیں۔ ہاں تمام بنی نوع انسان کے لئے قیامت تک علم کا یہ خوبصورت مدینہ کھلا رہے گا۔ رنگ و نسل، زبان و قوم، مذہب و ملت، جغرافیہ و تمدن۔۔۔۔ کسی نوع کی کوئی حد بندی نہیں۔ تمام انسانوں کے لئے فیض کے دروازے کھلے ہیں۔ صرف انسانوں کے لئے۔ ذرا اور گہرائی میں جا کر دیکھا جائے تو کسی غیر از انسان کی طرف آپ ﷺ کی بعثت ثابت کرنے سے (معاذ اللہ) آپؐ کی اہانت کا پہلو نکلتا ہے۔ ویسے یہ بڑی باریک بات ہے Fanatics تو شاید اسے کبھی نہ سمجھ سکیں۔

اب ظاہر ہے کہ ابتدا سے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک جتنے بھی انبیاء و رسل تشریف لائے بلا استثنا سب کے سب نسل انسانی سے ہی تعلق رکھتے تھے۔ تو کیا وجہ ہے کہ رسول تو تھے وہ انسانی نسل و ذریت سے اور مکلّف قرار دیئے گئے غیر از انسان ان پر ایمان لانے کے؟ درآں حالیکہ واقعہ یہ ہے کہ انبیاء بھی انسان تھے اور ان پر ایمان لانے والے بھی انسان تھے۔

چنانچہ جہاں یہ فرمایا گیا ہے۔

وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔

''اور اس حقیقت کو یاد رکھو کہ انسان۔۔ خواہ وہ مہذب شہری ہوں یا صحرا کے خانہ بدوش غیر مہذب قبائل۔۔ ان کی تخلیق کی غرض و غایت اسی صورت میں پوری ہو سکے گی کہ یہ قوانین خداوندی کی اطاعت سے اپنی صلاحیتوں کی نشوونما کریں اور انہیں نوع انسان کی پرورش عامہ کے لئے وقف کر کے عالمگیر نظام ربوبیت متشکل کر دیں''۔ (۵۶/۵۱)۔

چاہے اس آیت کا رسمی ترجمہ ''اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا''۔ کر لیا جائے لیکن ہر حال میں تسلیم کرنا پڑے گا کہ جنات صاحبان بھی نوع انسان کے افراد ہیں۔ وگرنہ خاکم بدہن خدا کے کلام میں تناقض کا عیب سامنے آتا ہے کہ ایک طرف یہ کہے کہ جن و انس کی طرف انبیاء لائے گئے۔ پھر یہ کہے کہ انبیاء انسان تھے اور ساتھ ہی یہ بھی فرمائے کہ ان انبیاء پر جن و انس ایمان لائے۔ اس کے بعد یہ بھی کہے کہ انبیاء صرف انسانوں کی طرف

مبعوث ہوئے تھے (۵۷/۱۰، ۱۵۸/۷، ۲۸/۳۴) حل ان آیات کا یہی ہے کہ جن اور انس محض اسلوبیاتی تخصیص ہے ورنہ تھے دونوں ہی انسان کیونکہ بار بار یہ بیان ہو چکا ہے کہ غیر از انسان مخلوقات کی طرف تو انبیاء بھیجے ہی نہیں گئے۔ اگر بھیجے گئے ہیں تو ہر مخلوق اپنی مخلوق کے نبی پر ایمان لائے۔ مطلب یہ کہ جنات جن نبیوں پر ایمان لائیں۔ انسان نبیوں پر ان کا ایمان چہ معنی دارد؟ اگر کوئی یہ دور کی کوڑی لائے کہ انبیاء آئے تو انسانوں کی طرف تھے لیکن بالفرض کوئی غیر از انسان مخلوق (جنات وغیرہ) رضا کارانہ طور پر ان انبیاء کرام پر ایمان لانا چاہے تو اس مخلوق کے کسی Volunteer کو قبول ایمان سے روکا تو نہیں جا سکتا۔ بے شک روکا تو نہیں جا سکتا لیکن تدبر کیجئے یہاں معاملہ معکوس ہے کہ جنات پر لازم ہے کہ وہ ایمان لائیں ورنہ ان سے پرسش ہوگی۔ جیسا کہ اوپر آیت درج کی گئی ہے کہ ہم نے جن وانس کو پیدا ہی اپنی عبادت کے لئے کیا ہے۔ ایمان نہ لانے والے اور صالح اعمال بجا نہ لانے والے کافر جنات کے لئے بڑی سخت وعیدیں آئی ہیں۔

ولقد ذرانا لجهنم كثيرا من الجن و الانس.

''۔۔ اور انسانوں کی اکثریت کا یہ عالم ہے کہ۔۔ (انسان) مہذب اقوام ہوں یا (جنات) جاہل بادیہ نشین۔۔ وہ زندگی جہنم میں گزارتے ہیں۔۔۔''۔(۱۷۹/۷)۔

الا من رحم ربک ولذٰلک خلقهم و تمت كلمة ربک لا ملئن جهنم من الجنة و الناس اجمعين o

''ان اختلافات سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ لوگ قوانین خداوندی کا اتباع کریں۔ ایک صاحب اقتدار ہستی کے قانون کا اتباع کرنے سے اختلافات خود بخود مٹ جاتے ہیں۔ یہ خدا کی رحمت ہے کہ اس نے ایسا قانون بھی عطا کر دیا ہے۔ انسان کو اس انداز سے پیدا کرنے کا مقصد ہی یہ تھا کہ وہ اپنے اختیار و ارادہ سے قانون خداوندی کے اتباع سے اپنے اختلافات مٹا کر ایک امت بن کر رہے۔ ایسا بالآخر ہو کر رہے گا۔ لیکن اس دوران میں جو لوگ علم و بصیرت سے کام لینے کے بجائے اپنے جذبات کے پیچھے لگے رہیں گے۔ وہ تباہیوں اور بربادیوں کے جہنم میں جائیں گے۔۔ خواہ وہ (انسان) شہروں کی مہذب آبادی سے

متعلق ہوں یا (جنات) بدوی اور صحرائی زندگی بسر کرتے ہوں۔ یہ ہمارا اٹل قانون ہے۔۔۔''۔(۱۱/۱۱۹)۔

ایسی ہی مزید انذاری آیات دیکھئے: (۱۴/۲۵' ۱۸/۴۶' ۳۹/۵۵اور ۳۸/۷)۔

لہٰذا جہاں جہاں رد ایمان اور اعمالِ بد یعنی قوانین خداوندی سے انکار کے گناہ میں انسانوں کی جماعتوں کو مستوجب سزا قرار دیا گیا ہے وہاں ویسے ہی اعمال قبیحہ و افعال شنیعہ کرنے کی خطا میں جنوں کے متعلق بھی کھلے لفظوں میں تنذیر کی گئی ہے کہ ان کی متعدد اقوام بھی جہنم کا ایندھن بنیں گی۔ اس لئے یہ طے ہے کہ جنات بھی پابند ہیں' مکلّف ہیں ایمان لانے کے سوان کے خوشی خوشی بغیر حکم خداوندی کے ایمان لانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

انبیاء کرام نے اِس دنیا میں' مرتب ہو کر سامنے آنے والے خوفناک نتائج اور یوم آخرت کی وحشتنا کی سے جنات کو بھی ڈرایا ہے مگر ہمارا مشاہدہ ہے کہ عملی طور پر تو انسانوں نے ہی خدا کے عذاب سے ڈر کر اپنی زندگیوں میں انقلابی تغیر پیدا کیا ہے (ویسے عہد موجود کا انسان بھی ''خوف خدا'' سے بے نیاز ہو چکا ہے' جنات کا کچھ پتہ نہیں کہ کس حال میں ہیں؟) کوئی غیر مخلوق کیسے ان اصول و مبادی کو اپنی طرز معاشرت اور اپنی ذوات کے طرز احساس کا حصہ بنا سکتی ہے؟ یہاں تو قدم قدم پر صراحت ملتی ہے کہ شرعی ضوابط کا یہ مجموعہ صرف مخصوص مخلوق (انسان) کے لئے مختص ہے؟ ضمنی سوال ہے کیا جنات بھی رضاعت' مہر' قصاص' کفالت' قانونِ وراثت' عائلی قوانین' طلاق' نکاح' خلع' عدت' ایلاء' دیت' حق شفع' پردہ' ربوٰ' حرمتِ خمر و میسر' نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ' عشر' جہاد' نظامِ عدل' خمس' تعدد ازدواج' فرائض وحقوق والدین واولاد' منہیات ومحرمات' تجہیز وتکفین' تحلیل وتحریم اور جملہ اوامر ونواہی اور قرآن کی ہر ہر آیت پر ویسے ہی عمل کے پابند ہیں جیسے انسان ہیں؟ ہاں یاد آیا جنوں کے ہاں معاشی نظام کی حد بندیاں کیا ہیں؟ یہ معلوم کرنا ہمارے لئے بے حد ضروری ہے کہ ہمیں ذاتی طور پر اس موضوع سے غیر معمولی دلچسپی ہے۔

اچھا اگر جنات کے ہاں بھی سب کچھ ایسا ہی ہے (اگر قرآن ایک ہے' رسولؐ ایک ہیں تو منطقی طور پر دونوں کے لئے قوانین بھی ایک جیسے ہی ہونے چاہئیں) تو پھر جن وانس میں فرق کیا ہے؟ اس جہت پر غیر جانبداری سے غور کر لینے میں کیا مضائقہ ہے کہ جب تمام ضابطے' جملہ قوانین ان کے لئے بھی وہی ہیں تو پھر

سب امور و اوامر میں اشتراک کے سبب انہیں انسان قرار دے لینے میں کیا کچھ سہولت محسوس نہیں ہوتی ؟ اور جیسا کہ بزرگوں کے مطابق وہ حضرات انسان نہیں ہیں تو انہیں انسانی آئین و قوانین اور شرعی احکام کے مطابق عمل پیرا ہونے کی مصیبت ہی کیا پڑی ہے؟ ظاہر ہے دو بالکل الگ الگ مخلوقات کی طبعی حالتوں' فطری ضرورتوں' نفسیاتی تقاضوں' جسمانی مطالبوں کو ایک ضابطے' ایک قانون کے مطابق کیسے پورا کیا جا سکتا ہے؟ جو روحانیت کے قائل ہیں انہیں ضرور غور کرنا چاہئے کہ جب دونوں کی ذہنی بدنی حالتیں ایک نہیں تو دونوں کی روحانی حالتیں کیسے مشترک ہو سکتی ہیں؟ سو ہمارے پیروں کو چاہئے کہ وہ جنات کو ذرا سوچ سمجھ کر بیعت کیا کریں کہ جن کا کوئی پتہ نہیں ہوتا۔۔۔!

قرآن نے ایک اور مقام پر دیکھئے جن وانس کے اختلافات کو کتنے لطیف انداز میں تحلیل کر دیا ہے۔

لم یطمثھن انس قبلھم ولا جان۔

جنت کی پاکیزہ بیبیاں جنہیں اس سے قبل جن و انس میں سے کسی نے چھوا تک نہیں۔ (۵۵/۵۷)۔

عروس القرآن سورۃ رحمٰن میں یہ آیت دو مرتبہ آئی ہے (۵۵/۵۷)۔

یوں تو ہمارے اسطور پسند مفسرین نے محولہ آیت پر خوب خوب حاشیے چڑھائے ہیں۔ زیب داستاں کی کرشمہ زائیوں کا مشاہدہ مطلوب ہو تو کوئی سی بھی روایتی تفسیر اٹھا کر دیکھ لیجئے ماشاء اللہ افسانہ نگاری اپنے عروج پر ہے۔ مثلاً یہ روایت ڈھونڈ لی گئی کہ اہلِ یمن کی ایک قوم نے امام مالکؒ کو لکھا کہ یہاں ایک جن مرد ہے جو ایک انسان عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو امام مالکؒ نے کہا کہ اس میں کوئی برائی تو نہیں لیکن مجھے یہ ناپسند ہے کہ ایک عورت حاملہ پائی جائے تو وہ کہہ دے کہ یہ جن کی طرف سے ہے اور اسلام میں فتنہ بڑھے۔

بھئی بڑا شریف النفس جن تھا جس نے باقاعدہ اجازت طلب کی۔۔۔ کیا امام صاحب سے منسوب اس روایت کے وضعی ہونے کے لئے یہ دلیل ہی کافی نہیں کہ امام مالک علیہ الرحمتہ جیسے نابغہ صاحبِ فراست و دانش یہ فرمائیں کہ اس میں صرف یہ برائی ہے کہ شادی کے نتیجے میں وہ عورت Pregnant ہو جائے گی۔ مطلب یہ کہ ان کی نظر میں Pregnancy نہ ہونے کی صورت میں اس شادی میں کوئی برائی نہیں تھی۔ باقی یہ ذمہ داری جن کی تھی کہ وہ

اپنی انسان بیوی اور نیم انسان + نیم جن اولاد کو Own کرتا۔ کیا وہ اپنی ریگولر منکوحہ پر اتہام لگانے والوں کی سُرت ٹھکانے نہ لگا دیتا کہ بے ہودو! سب کی موجودگی میں تو میں اس عفیفہ کو بیاہ کر لے گیا ہوں اب کیا کہہ کر رہے ہو۔ چنانچہ اولاً تو وہ قذف کی حد جاری کرواتا نہیں، تو طیش میں آ کر خود ہی تہمت لگانے والوں کا مکو ٹھپ دیتا۔ لاحول ولا قوۃ! سیدھی بات کیوں نہیں کی جاتی کہ کسی جن اور انسان کے بیچ رشتہ مصاہرت ممکن ہی نہیں اگر جن کی نوع کوئی اور ہے۔ اگر واقعی وہ کوئی غیر مرئی مخلوق ہے تو وہ دولھا جن کیا برات لے کر آئے گا اور کسی انسان عورت کو بیاہ کر لے جائے گا؟ خبر نہیں ہماری عقلوں کو کیا ہو گیا ہے؟ ویسے جو جنات کے الگ سے وجود کے قائل ہیں، انہیں چاہئے کہ ذات پات اور عقائد کے باب میں تسلی کر کے کچھ جنبانی سلسلوں کو فروغ دیں۔ کیا عجب اس قسم کی ہم کفو معاقدت، مناکحت اور مزاوجت خوشگوار تبدیلیوں کی موجب بن جائے۔

ایک اور آپس کی بات ہے جن و انس کے مابین جن روابط کو ہمارے عاملین حضرات شدومد سے بیان فرماتے ہیں اس تناظر میں کسی جن کا انسان عورت سے یا کسی جنی کا انسان مرد سے رشتۂ ازدواج میں بندھ جانا موجب تعجب نہیں ہونا چاہئے۔ پریاں خوبصورت مردوں پر فریفتہ ہو جاتی ہیں اور پرانی داستانوں میں تو حسین و شکیل شہزادوں کو اٹھا کر لے جانے کی رومانوی وارداتیں عام ہیں۔ اسی طرح نوجوان لڑکیوں پر جنوں کا عاشق ہو جانا بھی معمول کی کارروائی ہے۔ اگر یہ نہ ہوتا تو عاملوں کے ہاں ''آم کے آم اور گٹھلیوں کے دام'' کی مثل کے بامعنی ہونے کا کوئی مفہوم نہ ہوتا۔

قصہ کہانیوں سے ہٹ کر کیا کوئی صاحب کسی قطعی ثبوت کے ساتھ ان دو انواع کے مابین ازدواجی تعلقات کی ایک بھی Precedent فراہم کر سکتے ہیں؟ اور ایسی نظیریں اصولاً پیش کی جانی چاہئیں کہ قرآن میں آیا ہے جنت میں ایسی بیبیاں ہوں گی جنہیں نہ کسی انسان نے چھوا ہو گا نہ کسی جن نے۔ مطلب بڑا واضح ہے کہ ان بیبیوں کا نہ کسی انسان اور نہ کسی جن سے رابطہ رہا ہو گا۔ اب کون نہیں واقف کہ انسان بیبیوں کا ازدواجی تعلق انسان مردوں سے تو رہا ہی کرتا ہے، چلئے مان لیا وہ کسی انسان کی دسترس میں نہیں رہی ہوں گی، پر یہ کیا کہ وہ جنات کے قبضے سے بھی پاک ہوں گی۔ پس ثابت ہوا کہ جتنا امکان ان کا انسان سے منسلک ہونے کا ہے، عین مین اسی قدر امکان جن سے منسوب ہونے

کا بھی ہے۔

بھائی! ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ فرمایا جاتا جنت میں انسانوں کے واسطے ایسی نیک سیرت انسان بیبیاں ہوں گی جن کا کسی انسان سے کبھی تعلق نہیں رہا ہوگا۔ بعینہٖ متقی جنوں کے لئے ایسی پارسا جنیاں ہوں گی جن کا کبھی کسی جن سے کسی نوع کا معاملہ نہیں رہا ہوگا۔ جن کے لئے جنی، انسان کے لئے ''انسانی''۔ مقامِ تفکر ہے کہ جب ایک مخلوق کی نسبت دو مخلوقات سے جوڑی گئی ہے تو صورتحال Crystal Clear ہے کہ اپنی نوع کے حوالے سے یہ دو مخلوقات ہیں ہی نہیں بلکہ ایک ہی مخلوق اور ایک ہی نوع ہے۔ بس ان کے ٹائٹل جدا جدا ہیں اور وہ کیوں؟ یہ تفصیل سابقہ اوراق میں بیان ہو چکی ہے۔

ان تمام قرآنی براہینِ نیرہ میں دو ایک اور روشن ترین دلائل کا اضافہ کر لیجئے جو موضوع مذکور کی وضاحت میں حکمِ ناطق اور اتمامِ حجت کی حیثیت رکھتے ہیں۔

و یوم نبعث فی کل امة شهیدا علیهم من انفسهم و جئنا بک شهیدا علیٰ هٰؤلاء۔

''جس دن یہ انقلاب آئے گا تو ہم ہر پارٹی کے اندر سے ان کے خلاف گواہ اٹھا کر کھڑا کریں گے اور ان سب پر تمہیں (یعنی حضورﷺ کو) گواہ لائیں گے۔ تمہاری گواہی یہ ہوگی کہ تم نے ان تک ہمارا وہ پیغام پہنچا دیا تھا.....''۔ (۱۶/۸۹)۔

اگر مروج تراجم کے مطابق ''یوم'' کا ترجمہ ''یومِ قیامت'' کر لیا جائے تو بھی ہمارے استدلال پر کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اصل نکتہ اس آیت میں یہ پیش کیا گیا ہے کہ انبیاء جس نوع کی طرف مبعوث ہوتے ہیں وہ اسی نوع سے متعلق ہوتے ہیں۔ حضورﷺ اگر شہادت دیں گے تو اپنی امت کی دیں گے۔ اس اصول کی روشنی میں جنات اگر کوئی اور امت بلکہ اور نوع ہیں تو ان کی شہادت اسے ہی دینی چاہئے جو ان میں سے ہو۔ گویا قاعدے کی رو سے جن جنات کا شاہد ہو، انسان انسانوں کا۔

پرانے انبیاء بھی اس کلیے کے مطابق اپنی اپنی قوم کے گواہ بنیں گے۔ جیسا کہ سورۃ مائدہ میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے صرف اپنی قوم کی نسبت سے ہی اپنے ''شہید'' (گواہ) ہونے کا اقبال کیا ہے۔ (۵/۱۱۷)۔

کسی دوسری قوم/مخلوق/نوع کی ذمہ داری کا

بوجھ کوئی بھی رسول اٹھانے کے لئے تیار نہیں۔ اٹھائے بھی کیوں؟ جب وہ ان کی جانب مبعوث ہی نہیں کیا گیا۔ سلسلہ انبیاء کی آخری شخصیت ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہی کہیں گے ہاں میں نے جملہ انسانوں تک اس کتاب کی تعلیمات پہنچا دی ہیں جو تمام امور کو ابھار اور نکھار کر پیش کرنے والی ہے اور یہ شہادت تو انسانوں کی تمام جماعتوں کے نمائندگان کو بھی دینی پڑے گی۔ آخر کتمانِ حق کوئی آسان کام ہے؟

جب حضورﷺ بنی آدم میں سے ہیں تو محولہ صدر آیت کے مطابق وہ جملہ بنی آدم کے متعلق تو گواہ بن سکتے ہیں۔ دوسری غیر انسانی مخلوقات کی ذمہ داری ان پر عائد نہیں ہوسکتی۔ باقی مخلوقات کے ذمہ داران کے رسول ہونے چاہئیں جو ان میں سے ہی ہوں (اگر ان میں رسولوں کے ذریعے رشد و ہدایت کے سلسلے کو اللہ نے جاری کیا ہے)۔

اب جو جنات آپﷺ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے ہیں یا تو انہیں جزا سزا سے مستثنیٰ قرار دینا پڑے گا یا پھر انہیں انسان تسلیم کرنا پڑے گا۔ تیسری Option کوئی موجود نہیں ہے۔

اب دیکھئے اس قطعی آیت نے تو بحث کے دروازے کو ہی بند کر دیا ہے کہ حضورﷺ کن کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔

وما ارسلنک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا ولٰکن اکثر الناس لا یعلمون۔

''جب کائنات کی یہ حالت ہے کہ اس میں تماماً وکمالاً خدا کا قانون چلتا ہے۔ یہ نہیں کہ اسکے ایک گوشے میں خدا کا قانون نافذ ہو اور دوسرے میں کسی اور کا۔ تو انسانی دنیا میں بھی یہی کیفیت ہونی چاہئے کہ تمام انسان ایک ہی قانون کے تابع رہیں۔ یہ وجہ ہے کہ ہم نے اے رسولؐ! تمہیں تمام نوعِ انسان کی طرف اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا ہے۔ مقصد اس سے یہ ہے کہ تم لوگوں کو بتاؤ کہ قوانینِ خداوندی کے مطابق زندگی بسر کرنے کے نتائج کس قدر خوشگوار ہوں گے اور ان کی خلاف ورزی کرنے کے عواقب کس قدر الم انگیز۔ نیز جو لوگ ان قوانین کی مخالفت میں آگے ہی آگے بڑھتے جائیں انہیں اس سے روکا جائے۔۔ یہ ہے وہ مقصد جس کے لئے حق وصداقت کے مسلک کے حاملین کو مجبوراً میدانِ جنگ میں آنا پڑتا ہے۔ لیکن اکثر

لوگ اس حقیقت کا علم نہیں رکھتے اور اعتراض کر دیتے ہیں کہ انبیاء کرام نے جنگ کیوں کی؟'' (۳۴/۲۸)۔

یوں تو ''رحمۃ اللعالمین'' والی آیت بھی مقامِ محمدیتؐ کی ارفعیت پر محکم برہان ہے لیکن سورۃ سبا کی محولہ بالا آیت بھی آپﷺ کے شرف کو نہایت پرشوکت الفاظ میں ثابت کر رہی ہے۔ اس آیت نے واضح طور طر آپؐ کے مرتبے کو متعین کر دیا ہے کہ آپؐ خاتم النبین ہیں۔ اب قیامت تک کے تمام انسانوں کے ہادی صرف اور صرف آپﷺ ہیں۔ آپؐ سے پہلے جتنے مرسلین تشریف لائے ان کی نبوت کا مدار محدود تھا۔ کسی خاص قوم، کسی خاص علاقے، کسی خاص نسل کی راہنمائی کا فریضہ ان کے ذمے تھا لیکن حضورﷺ کو قانون ربانی (پہلی اور آخری بار) مکمل صورت میں عطا ہوا ہے۔ اب رہبری کا ہر اصول اسی قرآن سے ڈھونڈا جائے گا، نہ اور کسی مجموعے سے نہ اور کسی مدعی وحی و الہام سے۔

'للناس' فرما کر پھر وضاحت کر دی کہ آپﷺ جس نوع کے مرشد ہیں وہ نوع بنی نوع انسان ہے اور کوئی مخلوق نہیں۔ مراد یہ کہ جن تک آپؐ نے اپنی تعلیم پہنچائی وہ انسان ہی تھے۔ جو آپؐ کی تعلیم کے معترف ہوئے وہ بھی انسان ہی تھے۔ نہ آپؐ کسی اور مخلوق تک پیغامِ حق پہنچانے کے پابند تھے نہ کوئی اور مخلوق آپؐ کے پیش کردہ ضابطۂ حیات کو قبول کرنے پر مجبور تھی۔ لہٰذا جس جس ''مخلوق'' نے آپﷺ کو تسلیم کیا وہ اگر ''انسان'' نہیں بھی تھی تو اس تسلیم و رضا کی سعادت نے انہیں بھی شرفِ انسانیت عطا کر دیا۔ ایسا مبارک نبی تاریخ انبیاء میں اور کون ہے جس نے ازلوں اور نسلوں کے بگڑے ہوؤں کو دوبارہ حلقۂ آدمیت میں شامل ہونے کی عزت بخش دی؟ صرف اور صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم۔

طلوع اسلام گیلری

شمعِ قرآنی کے ایک پروانے بزمِ طلوع اسلام کوئٹہ کے دیرینہ رکن عبدالرشید مرحوم نے اپنی وفات سے چند ماہ قبل اپنا شوقیہ فوٹوگرافی کا ذخیرہ جس میں بابا جی کے ساتھ ذاتی اور مختلف کنونشنز کا فوٹو ریکارڈ تھا' بہت اچھے اور بڑے سائز میں پرنٹ بنوا کر تقریباً سو سے زیادہ تعداد میں کوئٹہ بزم کے حوالے کر گئے اور دنیا فانی سے رخصت ہو گئے۔ یہ سارے فوٹوگراف بزم طلوع اسلام کوئٹہ کے ایک ساتھی سی ڈی پر منتقل کر رہے ہیں۔ احباب سے گزارش ہے کہ اگر کسی کے پاس نئے یا پرانے کنونشنز یا بابا جی اور دیرینہ ساتھیوں کے ساتھ فوٹو ریکارڈ ہو تو وہ امانتاً کوئٹہ بزم کو ارسال فرما دیں جو کہ سکین کرنے کے بعد واپس کر دی جائیں گی۔ ہمارے یہ رفیق طلوع اسلام گیلری کی سی ڈی بنا کر محفوظ کر دیں گے' جس کی مزید نقلیں بھی تیار کی جا سکیں گی' تا کہ بعد میں آنے والے شائقین کے لئے وجہ دلچسپی و تسکین ہو سکے۔ ممکن ہو تو فوٹو کے ساتھ کیپشن لکھ دیں تا کہ نام اور تعارف بھی ممکن ہو جائے۔ خصوصاً بزموں سے استدعا ہے کہ فوٹو ریکارڈ کے لئے خصوصی تعاون کریں۔

المشتہر

بزم طلوع اسلام کوئٹہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خواجہ ازہر عباس، فاضل درس نظامی
azureabbas@hotmail.com

اللہ تعالیٰ کی اطاعت براہ راست نہیں ہوسکتی

ہمارے ہاں جب تفاسیر تحریر کرنے کی ابتداء ہوئی تو نہ صرف یہ کہ ملوکیت کا دور دورہ تھا بلکہ ملوکیت کے علاوہ کوئی اور نظام اس زمانہ کے مفکرین کے خیال میں آتا ہی نہیں تھا۔ بادشاہ کے لئے ظل اللہ کے الفاظ استعمال ہوتے تھے۔ ان کے اذہان پر ملوکیت کا غلبہ اس درجہ چھایا ہوا تھا کہ عرصہ دراز سے نہ صرف اسلامی نظام منقرض ہو چکا تھا بلکہ اس کا تصور بھی بالکل ختم ہو چکا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ قرآن کریم میں جو آیات کریمات بطور اسلامی نظام اور دین کے، نہایت واضح اور صاف ہیں ''مذہب'' میں آکر وہ بالکل گورکھ دھندا بن گئی ہیں اور ان کا صحیح مفہوم کسی طرح سامنے نہیں آتا۔ جب وہ آیات ہیں ہی ''دین'' سے متعلق تو وہ ''مذہب'' کی سطح پر کس طرح حل ہوسکتی ہیں؟ ہمارے مفسرین کرام نیک دل، مخلص بھی تھے اور عالم و دانشمند بھی۔ انہوں نے نہایت درجہ محنت و جانفشانی سے یہ تفاسیر تحریر فرمائیں لیکن اس کا کیا علاج کہ ان سب نے، بغیر کسی استثناء واحد کے، یہ تمام تفاسیر ''مذہب'' کی سطح پر ہی تحریر کی ہیں۔ ''دین'' سے ان کا دور دور کا بھی علاقہ نہیں۔ اس وقت سے آج تک چونکہ مسلمانوں میں زبوں حالی برابر چلی آرہی ہے اور مغربی قوتوں کی Colonization کی وجہ سے اکثر ممالک میں مسلمان محکوم و مغلوب تھے، اس لئے وہ تفاسیر چلتی آرہی تھیں اور یہ خامی و سقم کہ یہ تفاسیر مذہب کی سطح کی تحریر کردہ ہیں، کسی تشویش کا موجب نہیں تھیں۔ لیکن اب جبکہ مسلمانوں کے پاس آزاد ممالک ہیں اور ان میں قرآن کریم کو بطور دین جاری کرنے کا موقع بھی میسر آرہا ہے اور مسلمان اس کو بطور دین قائم کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں تو یہ تفاسیر ہمارا ساتھ نہیں دے رہی ہیں۔ اگر آپ کے سامنے خالص دین کا تصور ہے اور اس کے بعد آپ ان تفاسیر سے ہدایت و راہنمائی کے خواہاں ہیں، تو یہ تفاسیر آپ کی نہ صرف کوئی راہنمائی نہیں کریں گی بلکہ یہ قرآن فہمی میں ایک سدراہ بن کر کھڑی ہو جاتی ہیں اور پھر مجبوراً آپ کو مذہب کی سطح تک ہی رہنا پڑتا ہے۔

ہمارے ہاں برصغیر ہندو پاک میں قرآن کریم پر بہت کام ہوا۔ سرسید احمد خاں کے بعد علماء اہل قرآن نے اس پر کام کیا لیکن افسوس کہ یہ علماء کرام بھی مذہب کی سطح تک ہی رہے اور دین ان کے سامنے بھی نہیں آیا نیز یہ کہ وہ ''الصلوٰۃ'' کا ایک نزاعی مسئلہ پیدا کر کے خود ایک فرقہ بن گئے۔ ان کے اس رویہ سے مسلمانوں کو بجائے فائدہ ہونے کے نقصان ہوا۔ کیونکہ جب طلوع اسلام کی تحریک شروع ہوئی تو لوگ چونکہ اہل قرآن سے بدظن تھے' اور تحریک طلوع اسلام کو اس سے Confuse کرتے تھے' اس لئے اس کا نقصان تحریک طلوع اسلام کو برداشت کرنا پڑا اور اسی وجہ سے کئی ایک مضمون ان کے خلاف ماہنامہ طلوع اسلام میں شائع کئے گئے۔

برصغیر ہندو پاک میں علامہ اقبال پہلی شخصیت تھے جنہوں نے اسلام کو بحیثیت دین کے پیش کیا۔ انہوں نے اس نظریہ کو اس قوت و اعتماد سے پیش کیا کہ مسلمانوں کا معتدبہ حصہ اس سے متاثر ہو گیا اور حصول پاکستان کی کشمکش میں اس نظریہ کو ہی اساس بنا کر پیش کیا گیا۔ علامہ موصوف نے اپنے بے شمار اشعار اور متفرق تحاریر میں اس منفرد نظریہ کو نمایاں کیا۔ لیکن ان کا اس موضوع پر کوئی جامع و مبسوط مضمون' جس میں اس موضوع کو آیات قرآنیہ و احادیث نبویہ سے ثابت کیا گیا ہو' کمترین راقم سطور کے علم میں نہیں ہے۔ اس اہم و منفرد موضوع پر ہماری پوری تاریخ میں سب سے پہلا مضمون علامہ حافظ محمد اسلم صاحب جیراجپوری نے ''اسلامی نظام'' کے نام سے تحریر کیا جو ماہنامہ طلوع اسلام میں تقسیم ملک سے پیشتر طبع ہوا تھا۔ اس مضمون کی جس قدر تعریف کی جائے وہ کم ہے۔ اس مضمون سے ''قرآن فہمی کی مسدود راہیں کشادہ ہونے لگیں اور جو آیات اس سے پیشتر مبہم و مغلق معلوم ہوتی تھیں وہ سہل الفہم ہو گئیں۔ موضوع چونکہ غایت درجہ اہم اور نہایت درجہ ضروری ہے اور بہت طویل عرصہ سے اس موضوع پر کوئی تحریر بھی نہیں آتی ہے' اس لئے زیر نظر مضمون میں کوشش کی گئی ہے کہ اس موضوع کو پھر سے سامنے لایا جائے اور اپنے مقدور کے مطابق اس موضوع کو واضح کیا جائے۔ نیز اس مضمون کی اس لئے بھی ضرورت ہے کہ آج کل ہمارے چند دانشور ملک میں سیکولرازم کے حامی ہیں اور ان کا خیال ہے کہ اگر پاکستان سیکولر سٹیٹ ہی رہے اور مذہب ذاتی معاملہ رہے تو اس سے مسلمانوں کو اختلاف کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے' لیکن اس مضمون کے مطالعہ سے آپ پر یہ بات خود بخود واضح ہو جائے گی کہ مذہب تو ذاتی ہو سکتا ہے لیکن دین ذاتی نہیں ہو سکتا۔

نزولِ قرآن کے وقت اطاعتِ خداوندی کا طریقہ انفرادی تھا' کسی زاویہ یا کسی گوشہ میں عبادت کی رسوم ادا کر دی جاتی تھیں اور اس طرح انسان اور خدا کا

براہِ راست تعلق قائم ہو جاتا تھا۔ اطاعت خداوندی کا یہ طریقہ اب بھی تمام مذاہب میں مروج ہے۔ یہ صرف پرائیویٹ عقیدہ ہوتا ہے اور چونکہ مذہب کا کوئی علاقہ عملی زندگی سے نہیں ہوتا' اس لئے انہیں بھی زندگی گذارنے کے لئے کوئی نہ کوئی ضابطۂ حیات اختیار کرنا ہوتا ہے۔ اس کی واضح مثال ہمارے پڑوسی ملک بھارت کی ہے۔ وہاں کی ہندو آبادی اپنے مندروں میں جا کر مذہبی رسوم ادا کر لیتی ہے۔ لیکن دنیا میں عملی زندگی گذارنے کے لئے انہوں نے جمہوریت کا نظام اختیار کیا ہوا ہے۔ لیکن قرآن کریم کی رو سے اللہ تعالیٰ کی اطاعت براہ راست نہیں ہوسکتی بلکہ اس کے نزدیک اطاعت کا مفہوم یہ ہے کہ انسانوں کے درمیان جس قدر اختلافات رونما ہوں ان کا فیصلہ قرآن کریم کے مطابق کرایا جائے۔ قرآن کریم کی رو سے فیصلہ کرانے کے لئے ضروری ہے کہ کوئی ایک ایسا مقام ہو کہ جہاں سے نہ صرف اس کی رو سے فیصلہ کرایا جا سکے بلکہ وہاں سے وہ فیصلہ Implement بھی کرایا جا سکے۔ اس صورت حال میں مذہب میں تو ہر شخص اللہ تعالیٰ کی اطاعت انفرادی طور پر کرتا ہے' لیکن دین میں اس کی اطاعت اجتماعی طور پر کی جاتی ہے۔ مذہب میں اطاعت کے لئے' صرف خدا کی کتاب کافی ہوتی ہے۔ جبکہ دین میں خدا کی اطاعت کے لئے کتاب کے علاوہ کسی زندہ اتھارٹی' حاکم اعلیٰ کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ چونکہ اسلام دین ہے ایک ضابطۂ حیات ہے' مذہب نہیں ہے' اس لئے اس میں صرف اکیلی کتاب کافی نہیں ہے۔ بلکہ اس کتاب کے مطابق اطاعت خداوندی کرانے والا بھی ضروری ہے۔ رسول چونکہ وہ قوانین واحکامات جاری کرتا تھا' اس لئے رسول کی اطاعت ضروری ہوتی تھی۔ جو لوگ رسول کی اطاعت ضروری نہیں سمجھتے اور اطاعت کے لئے صرف قرآن کافی سمجھتے ہیں وہ اسلام کو دین کی بجائے مذہب کی سطح پر لے آتے ہیں کیونکہ اسلام کا نظام وقتی یا ہنگامی نہیں تھا اس لئے یہ اصول رسول کے بعد ان کے جانشینوں پر بھی خود بخود منطبق ہو جاتا ہے کہ چونکہ رسول کے جانشین رسول کے بعد اللہ کے احکام وقوانین جاری کرتے ہیں' اس لئے رسول کے بعد ان کی اطاعت' اللہ و رسول کی اطاعت ہو جاتی ہے۔

ارشاد ہوتا ہے۔

فلا وربک لا یومنون حتی یحکموک فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجا مما قضیت و یسلموا تسلیماً (۴/۶۴)۔

پس اے رسول تمہارے پروردگار کی قسم یہ لوگ سچے مومن نہ ہوں گے تاوقتیکہ باہمی جھگڑوں میں تم کو اپنا حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم فیصلہ کرو اس سے کسی طرح دل تنگ بھی نہ ہوں بلکہ خوشی خوشی اس کو مان لیں۔

اس بات پر اصرار کرنے کے لئے کہ اللہ کی اطاعت براہ راست نہیں ہوسکتی بلکہ اس کی اطاعت صرف نظام کی معرفت ہوتی ہے اور چونکہ رسول اس نظام کے سربراہ ہوتے ہیں اس لئے ہر فیصلہ کا تصفیہ ان سے کرانا لازمی ہے۔ارشاد ہوتا ہے۔

واذا قیل لھم تعالوا الی ما انزل اللہ والی الرسول رایت المنافقین یصدون عنک صدوداً (۴/۶۱)۔

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ خدا نے جو کتاب نازل کی ہے اس کی طرف اور رسول کی طرف رجوع کرو تو منافقین کو دیکھتے ہو کہ تم سے کس طرح منہ پھیر لیتے ہیں۔

اگر دین کا تصور صحیح طور پر سامنے ہو تو آیات کا مفہوم واضح ہے۔دو سابقہ آیات کا مفہوم بطور دین پیش کیا گیا ہے اور دو آیات کا مفہوم بطور دین اور مذہب (صرف اسی موضوع سے متعلق) ملاحظہ فرمائیں۔تاکہ آپ کو خود بھی مذہب اور دین کا فرق معلوم ہو جائے۔ارشاد ہوتا ہے۔

ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جائوک فاستغفروا اللہ و استغفرلھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما (۴/۶۴)۔

اس کا عام ترجمہ یہ ہے کہ:

اگر وہ لوگ جس وقت انہوں نے اپنا برا کیا تھا تیرے پاس آتے پھر اللہ سے معافی چاہتے اور رسول بھی ان کو بخشوا تا تو اللہ کو معاف کرنے والا پاتے۔

اس کی مروجہ تفسیر ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) تفسیر القرآن مصنفہ حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبندی میں تحریر ہے۔

یعنی اللہ تعالیٰ جس رسول کو اپنے بندوں کی طرف بھیجتا ہے سو اسی غرض کے لئے بھیجتا ہے کہ اللہ کے حکم کے موافق بندے ان کے کہنے کو مانیں تو اب ضرور تھا کہ یہ لوگ رسول کے ارشاد کو بلا تامل پہلے ہی دل و جان سے تسلیم کرتے اور اگر گناہ اور برا کرنے کے بعد بھی متنبہ ہو جاتے اور اللہ سے معافی چاہتے اور رسول بھی ان کی معافی کی دعا کرتا تو پھر بھی حق تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرما لیتا مگر انہوں نے تو غضب یہ کیا کہ اول تو رسول اللہ کے حکم سے جو بعینہٖ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا ہٹے اور بچے پھر جب اس کا وبال ان پر پڑا تو اب بھی متنبہ اور تائب نہ ہوئے بلکہ لگے جھوٹی قسمیں کھانے اور تاویلیں گھڑنے پھر ایسوں کی مغفرت ہو تو کیونکر ہو؟ صفحہ ۱۱۵۔

(۲) فرمایا کہ جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم ڈھایا ان کے لئے اس کی اصلاح اور اس کے عواقب سے نجات کی واحد شکل یہ تھی کہ وہ رسول کی خدمت

میں حاضر ہو کر اپنی غلطی کا اعتراف کرتے، خدا سے مغفرت کے طالب ہوتے اور رسول بھی ان کے لئے دعائے مغفرت کے ذریعہ سے ان کی سفارش کرتے تو اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کرتا اور ان پر رحم فرماتا۔ اس کے سوا اس کی تلافی کی کوئی اور شکل نہیں۔ (تدبر قرآن، جلد۲، صفحہ۳۲۹)۔

(۳) یہ آیت توسل کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے۔ استغفار ایک دعا ہی ہے اس کے لئے براہ راست اللہ سے دعا کافی ہونا چاہئے مگر اس کا طریقہ یہ بتایا گیا ہے کہ وہ پیغمبر کے پاس آ کے استغفار کریں اور پیغمبر ان کے لئے خدا کی بارگاہ میں دعائے مغفرت کریں۔ بس یہی ہے ہر اس دعا کا مطلب جو کسی مقرب الٰہی کے روضہ پر جا کر کی جاتی ہے۔ دعا کو قبول کرنے والا اصل میں خداوند عالم ہی ہے مگر اس شخص کا جو کوئی دینی اہمیت رکھتا ہے وسیلہ اختیار کرنا اس دعا کو قبولیت کی منزل سے قریب کرنے کا باعث ہوتا ہے۔ (فصل الخطاب، جلد دوم، صفحہ۲۳۰)۔

(۴) اور جب انہوں نے خود اپنا نقصان کر لیا تھا۔ آپ کے پاس آ جاتے۔ یعنی یہ بات ثابت ہو جاتی کہ وہ سچے دل سے توبہ کر کے آپ کے پاس آئے ہیں اور اللہ سے معافی کے طالب ہوتے اور رسول بھی ان کے لئے معافی کے طلب گار ہوتے۔ تو جان لیجئے کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ (تفسیر مظہری، جلد۳، صفحہ ۱۰۱)۔

(۵) واگر این منافقان آن ہنگام کہ ستم کردند بر نفسہائے خود باانکار حکم تو یابہ تحاکم الی الطاغوت بیامدندی بحضرت تو بس طلب آمرزش کردندی از خدا و طلب آمرزش خواستی برائی ایشان رسول یعنی شفاعت کردی ایشان را ہر آئینہ یا فتندی یعنی دانستندی خدارا قبول کنندۂ توبۂ گناہگاران مہربان بآمرزش تائبان۔ (۴تفسیر حسینی صفحہ۱۸۹)۔

اب آپ اس آیۂ کریمہ کا دینی تصور ملاحظہ فرمائیں، پہلے الفاظ کی وضاحت پیش خدمت ہے۔

اذ ظلموا انفسھم۔ جب وہ آپس میں ایک دوسرے پر ظلم کریں۔

فاستغفروا اللہ۔ اللہ کے قانون سے بچاؤ طلب کریں۔ فاستغفرو اللہ کے یہ معنی غلط ہیں کہ وہ لوگ رسول کے پاس آ کر تسبیح لے کر بیٹھ جائیں اور استغفار کی تسبیح پڑھنے لگیں۔

استغفر لھم الرسول۔ کا یہ مفہوم ہے کہ اللہ کا رسول مطاع (حکم) کی حیثیت سے تنازعہ کا فیصلہ

کر کے ان کے لئے بچاؤ طلب کرے' یہ معنی ہرگز نہیں کہ جن پر زیادتی ہوئی وہ اور رسول استغفار کا وظیفہ شروع کر دیں۔

لو جدوا اللہ تواباً رحیما۔ جب قرآنی حکومت اللہ کے قانون کے مطابق زیادتی کرنے والے کو سزا دیدے' تو قرآنی حکومت اس جرم کو معاف کر دے گی۔

اگر کوئی شخص کسی آدمی کا حق چھین لے یعنی اگر وہ کسی کے سو روپے دبا کر بیٹھ جائے اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرنا شروع کر دے تو وہ خواہ ساری رات استغفار پڑھتا رہے' اس کا جرم اللہ تعالیٰ کی طرف سے معاف نہیں ہوسکتا۔ اور اسی طرح اگر ایسے شخص کے لئے اللہ کے رسول بھی استغفار کرتے رہے ہوں' تو پھر بھی اس کا جرم اللہ کی طرف سے معاف نہیں ہوگا۔ جب تک کہ وہ مال واپس نہ کر دے۔ چنانچہ آیۂ کریمہ میں باہم ظلم وزیادتیوں کا ایک ہی حل بتایا گیا ہے کہ جس پر ظلم ہوا ہے وہ حضورﷺ کے پاس آئے اور اللہ کے قانون کے مطابق انصاف کا طلب گار ہو۔ اللہ کا رسول قانون خداوندی کے مطابق ظالم کو بھی بلائے گا اور الگ الگ ان کے بیان سن کر حق دار کو اس کا حق دلا دے گا' تو اس کے بعد ہوگا اللہ معاف کرنے والا مہربان۔ نیز اس مجرم پر اس جرم کے سلسلہ میں دنیا کے علاوہ قیامت کی عدالتِ عالیہ میں بھی کوئی بوجھ باقی نہیں ہوگا۔ (اپنے اپنے طور پر' اپنے اپنے ذہن کے مطابق خدا کی اطاعت' اطاعت خداوندی نہیں کہلا سکتی اس لئے) اگر کوئی شخص' خدا کے کسی حکم کی خلاف ورزی سے اپنے آپ پر زیادتی کر بیٹھے اور اس کے بعد اس پر نادم ہو تو (خدا اور بندے کے پرائیویٹ تعلق کے نظریہ کے ماتحت) وہ اپنے گھر میں بیٹھا توبہ کرے گا اور خدا سے معافی مانگ لے گا۔ لیکن دین کے نظام میں اس کی شکل مختلف ہوگی اس میں اس کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ (اے رسول) تمہارے پاس آئے اور اپنی لغزش کی سزا سے بچنے کے لئے قانون خداوندی سے حفاظت طلب کرے (اسے معافی مانگنا کہتے ہیں)۔

یہ معافی تم (اے رسول) ذاتی طور پر نہیں دے سکتے۔ اس کی معافی قانونِ خداوندی کی رو سے ہو گی۔ اس کے لئے تم دیکھو کہ قانون خداوندی میں اس معافی کی گنجائش ہے یا نہیں۔ اگر گنجائش ہو تو تم اسے معافی دے دو۔

اس معافی کا حکم اگرچہ تمہاری طرف سے صادر ہوگا' لیکن درحقیقت خدا کی طرف سے معافی ہوگی۔ کیونکہ قانون خداوندی میں اس کی گنجائش نہ ہوتی تو تم معافی نہیں دے سکتے تھے۔

تم نے دیکھا کہ دین کے نظام میں مجرم' رسول اور خدا کا باہمی تعلق کیا ہوتا ہے۔ نہ مجرم براہ راست خدا

سے معافی طلب کرسکتا ہے نہ خدا اسے براہ راست معافی دیتا ہے۔ یہ سب کچھ اس کے نظام کی وساطت سے ہوتا ہے جو قوانین خداوندی کے نفاذ کے لئے قائم ہوتا ہے۔ اور جب یہ نظام اسے معافی دیتا ہے تو یہ معافی اس نظام کی طرف سے نہیں ہوتی بلکہ خدا کی طرف سے ہوتی ہے کیونکہ یہ اس کے قانون کے مطابق ملتی ہے۔ (مفہوم القرآن۔مصنفہ پرویز' صفحہ ۱۹۹)۔

آیات کی مذہبی اور دینی تفسیر آپ نے ملاحظہ فرمائی۔ سارا تفسیری لٹریچر اسی باہمی تفاوت سے بھرا پڑا ہے۔ جو گروہ بھی اقامتِ دین کے لئے کوشش کناں ہوگا اسے اس دقت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حیرت تو یہ ہے کہ ہمارے ہاں پاکستان میں' وقت کے تقاضوں سے مجبور ہو کر جو جماعتیں اقامتِ دین کے لئے اٹھ کھڑی ہوئی ہیں وہ بھی ان آیات کی سابقہ تشریح کو' جو مذہب کی رو سے کی گئی ہے' من وعن تسلیم کر رہی ہیں۔ یہاں تک کہ ایران میں جہاں کہ بزعم خویش اسلامی نظام قائم کر دیا گیا ہے' وہاں بھی ان آیات کا سابقہ مفہوم قبول کیا گیا ہے۔ ایران کا زمانۂ حال کا تحریر کردہ لٹریچر' جتنا کچھ بھی یہاں آیا ہے' اسکے مطالعہ سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ وہ سب کا سب مذہب کی ترجمانی کر رہا ہے نہ کہ دین کی۔

نیز ارشاد ہوتا ہے۔

اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم فان تنازعتم فی شی فردوہ الی اللہ و الرسول ان کنتم تومنون باللہ والیوم الاخر (۴/۵۹)۔

خدا کی اطاعت کرو اور رسول کی۔ اطاعت کرو اور جو تم میں سے صاحبانِ اختیار ہوں ان کی اطاعت کرو اور اگر تم میں کسی بات میں جھگڑا ہو' پس اگر تم خدا اور روزِ آخرت پر یقین رکھتے ہو تو اس میں خدا اور رسول کی طرف رجوع کرو۔

اس آیۂ کریمہ میں پھر اس بات پر اصرار ہے کہ نظام کی اطاعت سے اللہ کی اطاعت ہوتی ہے۔ فرمایا کہ اللہ و یوم آخرت پر ایمان لانے کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ اپنے سارے فیصلے اللہ و رسول سے کرائے جائیں۔

اس آیۂ کریمہ میں جو بات نہایت غور کی متقاضی ہے وہ ردّوہ الی اللہ و الرسول کا طریقہ ہے اور یہاں سے ہی وہ لغزش لگتی ہے جس سے دین مذہب میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس آیۂ کریمہ میں اسلامی نظام کا پورا نقشہ دے دیا گیا ہے۔ چونکہ اللہ کے دیئے ہوئے قوانین کو رسول جاری کرتا ہے' اس لئے ان قوانین کی اطاعت' اللہ اور رسول کی اطاعت ہوتی ہے۔ اسی لئے اللہ کا دیا ہوا نظام جس کو حضور ﷺ نے عملاً جاری فرمایا تھا اس کی اطاعت اللہ و رسول کی اطاعت تھی۔

حضورﷺ نے یہ نظام شروع شروع میں مدینہ شریف میں جاری فرمایا اور چند سال کے اندر اندر یہ نظام سارے عرب شریف میں وسیع ہوگیا۔ اس نظام میں تمام جھگڑوں کے فیصلے کے لئے حضورﷺ کے پاس آنا ضروری تھا۔ لیکن جب وہ نظام تمام عرب شریف میں پھیل گیا تو لوگوں کے لئے مدینہ شریف آنا مشکل ہوگیا۔ فلہٰذا حضورﷺ نے ہر علاقہ کے لئے مقامی حکام مقرر فرما دیئے۔ ان مقامی افسران کی اطاعت بھی اللہ ورسول کی اطاعت تھی۔ لیکن اس میں ایک اہم فرق یہ تھا کہ مقامی افسران کا فیصلہ حتمی، قطعی (Final) نہیں ہوتا تھا بلکہ ان فیصلوں کی اپیل مرکز میں حضورﷺ کے سامنے کی جا سکتی تھی۔ ان ماتحت عدالتوں کے فیصلوں کے خلاف مرکز میں اپیل ہو سکتی تھی یہ ہے مطلب فان تنازعتم فی شئ فردوہ الی اللہ و الرسول کا۔ اور چونکہ یہ نظام وقتی نہیں تھا، اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے قائم رہنا تھا اس لئے حضورﷺ کے بعد ردوہ الی اللہ و الرسول سے مراد حضورﷺ کے جانشینوں کی طرف فیصلوں کے لئے رجوع کرنے کا حکم تھا جو کہ ایک زندہ اتھارٹی کی حیثیت سے اس تنازع کا فیصلے کرے اور اس کو نافذ کردے۔ آیہ کریمہ کا یہ مفہوم دین کی حیثیت سے ہے، اب اس کا روایتی مذہبی مفہوم ملاحظہ کریں۔

(۱) فردوہ الی اللہ و الرسول۔ تو اس مسئلہ کو اللہ کی طرف یعنی اللہ کی کتاب کی طرف موڑو اور رسول کی طرف پھیرو جب تک وہ زندہ ہے اور وفات کے بعد ان کی سنت کی طرف رجوع کرو۔ (اور یہاں سے ہی دین مذہب میں بدل جاتا ہے۔ یعنی جانشین جو کہ زندہ ہے اتھارٹی ہے۔ اس کی بجائے سنت یعنی کتب روایات کی طرف رجوع کرو۔ قوسین راقم سطور کی طرف سے ہیں)۔ (تفسیر مظہری، جلد۳، صفحہ ۹۷)۔

(۲) اور اگر تم میں اور اولوالامر میں باہم اختلاف ہو جائے کہ حاکم کا یہ حکم اللہ ورسول کے حکم کے مطابق ہے یا مخالف تو اس کو کتاب اللہ اور سنت رسول کی طرف رجوع کر کے طے کرلیا کرو کہ وہ حکم فی الحقیقت اللہ ورسول کے حکم کے موافق ہے یا مخالف۔ (تفسیر قرآن، از حضرت العلام مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبندی)۔

(۳) رد الی اللہ و الرسول کا طریقہ یہ ہے کہ جب کسی امر شریعت کا حکم معلوم کرنا ہو تو پہلے کتاب اللہ کی طرف رجوع کرے اگر اس میں نہ ملے تو نبی کی سنت کی طرف رجوع کرے۔ اگر اس میں بھی نہ ملے تو پھر اس کے معلوم کرنے کا راستہ اجتہاد ہے۔ (تدبر قرآن، جلد۲، صفحہ ۳۲۵)۔

(۴) فردہ الی اللہ پس باز گرد انید

آنرابہ کتاب خدا و الرسول و رجوع کنید بارسول درزمان حیات او و سنت انحضرت بعد از وفات او۔ (تفسیر حسنی، صفحہ ۱۸۷)۔

ان اقتباسات کو آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ ان میں اللہ سے مراد قرآن کریم اور رسول سے مراد سنت رسول اور عملاً کتب روایات ہیں۔ یعنی اطاعت رسول کا یہ طریقہ ہے کہ حضورﷺ کے بعد جو کوئی بھی ان کے نام سے کچھ کہہ دے، اس کی اطاعت کر دی جائے۔ اب آپ اس آیہ کریمہ کا مفہوم بطور دین ملاحظہ فرمائیں اور اس کے بعد قرآنی مفاہیم کی تائید میں قرآنی دلائل پیش کئے جائیں گے۔

''نیز یہ بھی ضروری ہے کہ تم اس نظام کی پوری پوری اطاعت کرو جسے قوانین خداوندی کو نافذ کرنے کے لئے رسول نے قائم کیا ہے اور اس نظام کے مرکز کے مقرر کردہ نمائندگان حکومت (افسرانِ ماتحت) کی بھی اطاعت کرو۔ پھر اگر ایسا ہو کہ تم میں اور افسران ماتحت میں، کسی بات میں اختلاف ہو جائے تو اس کے لئے مرکز کی طرف رجوع کرو۔ یعنی افسران ماتحت کے فیصلوں کے خلاف، مرکزی اتھارٹی سے اپیل کرو۔ جو اس معاملہ کا قوانین خداوندی کے مطابق فیصلہ کر دے گی (۴/۱۰)۔ مرکزی اتھارٹی کے فیصلہ کے خلاف کہیں اپیل نہیں ہو سکتی اس کا فیصلہ آخری ہوگا اور چونکہ وہ فیصلہ قانون خداوندی کے مطابق ہوگا جس پر تم ایمان رکھتے ہو، اس لئے اس فیصلہ کو بطیّب خاطر تسلیم کرو۔ اس کے خلاف دل میں کوئی گرانی محسوس نہ کرو (۴/۶۵)۔ یہ شہادت ہوگی اس بات کی کہ تم واقعی خدا کے ضابطۂ حیات، اور قانونِ مکافاتِ عمل اور حیات اخروی پر یقین رکھتے ہو۔ یہ روش نہایت عمدہ اور انجام کار معاشرہ کا صحیح صحیح توازن قائم رکھنے کا موجب ہوگی۔ (مفہوم القرآن، مصنفہ پرویز، صفحہ ۱۹۷)۔

جو بات اسلام کو دین کے بجائے مذہب میں تبدیل کر دیتی ہے وہ صرف یہی ایک بات ہے کہ آیا اللہ و رسول کی اطاعت انفرادی طور پر صرف مجرد قرآن و حدیث سے کی جا سکتی ہے یا اس کتاب کے مطابق اطاعت خداوندی کرانے والا بھی ضروری ہے۔ قرآن کریم کا یہی حکم ہے کہ ان احکامات کی اطاعت کرانے والا ضرور موجود ہونا چاہئے۔ کتابوں کی از خود اطاعت مذہب میں ہوتی ہے۔ دین میں ممکن نہیں۔ دین میں تو ایک اتھارٹی ان احکامات کو نافذ کرتی ہے۔ مومنین ان کو سنتے ہیں، اور پھر ان کی اطاعت کرتے ہیں۔ احکامات خداوندی کی اطاعت سے پہلے ان کی سماعت لازمی و لابدی چیز ہے۔ جب قرآن کریم نے اطاعت کے لئے

سماعت کو اس کا Pre-requisite قرار دیا ہے تو پھر بغیر ایک ناطق اتھارٹی یا ایک حاکم اعلیٰ کی موجودگی کے سماعت و اطاعت کیسے ہوسکتی ہے۔ سماعت کی شرط کے لئے ارشاد ہوتا ہے۔

(۱) وقالوا سمعنا واطعنا غفرانک ربنا و الیک المصیر (۲/۲۸۵)۔

اور کہنے لگے (اے ہمارے پروردگار) ہم نے سنا اور مان لیا۔ پروردگار ہمیں تیری مغفرت کی خواہش ہے۔

(۲) یاایھا الذین آمنوا اطیعوا اللہ و رسولہ ولا تولوا عنہ وانتم تسمعون (۸/۲۰)۔

اے ایمان والو۔ خدا اور رسول کی اطاعت کرو اور اس سے منہ نہ موڑو جبکہ تم سن رہے ہو۔

(۳) انما کان قول المومنین اذا دعوا الی اللہ و رسولہٖ لیحکم بینھم ان یقولوا سمعنا و اطعنا و اولٰئک ھم المفلحون (۲۴/۵۱)۔

ایمان داروں کا قول تو بس یہ ہے کہ جب ان کو خدا اور اس کے رسول کے پاس بلایا جاتا ہے تاکہ ان کے باہمی جھگڑوں کا فیصلہ کر دیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے (حکم) سنا اور مان لیا اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔

(۴) فاتقوا اللہ ما استطعتم واسمعوا و اطیعوا و انفقوا خیراً لانفسکم ومن یوق شح نفسہٖ فاولئک ھم المفلحون (۶۴/۱۶)۔

تو جہاں تک تم سے بن پڑے خدا سے ڈرتے رہو اور (اس کے احکام) سنو اور مانو اور اپنی بہتری کے واسطے خرچ کرو۔ اور جو شخص اپنے نفس کی حرص سے بچالیا گیا تو ایسے ہی لوگ مرادیں پانے والے ہیں۔

(۵) اذ قلتم سمعنا و اطعنا و اتقوا اللہ ان اللہ علیم بذات الصدور (۵/۷)۔

جب تم نے یہ کہا تھا کہ ہم نے (احکامِ خدا کو) سنا اور مان لیا اور خدا سے ڈرتے رہو کیونکہ خدا دلوں کے اسرار سے باخبر ہے۔

ایک بات یہ بھی حیرانی کی ہے کہ آیہ کریمہ (۴/۵۹) میں ہمارے علماء کرام اولی الامر کو تو زندہ قرار دیتے ہیں کیونکہ اگر وہ زندہ نہ ہوں تو پھر ان سے تنازعہ کیسا اور اللہ و رسول کی جگہ زندہ شخصیت کی بجائے کتابوں کو ان کا قائم مقام بنا دیتے ہیں۔ یہ نہایت ہی تعجب انگیز بات ہے یا للعجب۔

جہاں تک اطاعت کی اس شکل کا تعلق ہے جو ہم عبادت و رسوم کی صورت میں انفرادی طور پر ادا کرتے ہیں جیسے نماز، روزہ، زکوٰۃ وغیرہ تو یہ بھی آج کل مذہب کی شکل میں ہی ادا کی جاتی ہیں۔ دین میں یہ سب بھی نظام کے ماتحت ادا ہوتی ہیں۔ چونکہ نظام کے ماتحت ہی اللہ کی اطاعت ہوتی ہے۔ صلوٰۃ، زکوٰۃ، روزہ، حج، جہاد، اجتہاد، یہ سب نظام کے ماتحت ہوتے ہیں جن میں سب سے پہلے صلوٰۃ و زکوٰۃ آتی ہیں۔ ان کے متعلق سورہ حج میں ارشاد ہوتا ہے۔

الذین ان مکنھم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ و آتو الزکوٰۃ (۲۲/۴۱)۔

وہ لوگ کہ اگر ہم ان کو قدرت دیں ملک میں تو وہ قائم رکھیں نماز اور دیں زکوٰۃ۔

اس آیہ کریمہ کی رو سے ان دونوں چیزوں کے لئے تمکن نظام، شرط قرار دی گئی ہے۔ اس آیہ کریمہ کے دو ترجمے ہو ہی نہیں سکتے۔ اس میں اِن صرف شرط ہے جو تمکن نظام کو لازمی قرار دیتا ہے۔ اس سے مفر ہو ہی نہیں سکتا۔ آیت اس درجہ واضح ہے کہ تاویل کی کوئی راہ نہیں چھوڑتی۔ شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی نے فتح الرحمٰن میں تحریر فرمایا ہے۔

آنانان راکہ اگر دست رس دہیم ایشانرا درزمین برپاد ارند نماز را و بدہند زکوٰۃ را۔

اس آیت کے ذیل میں تفسیر حسینی میں مرقوم ہے۔

اگر جائے دہیم ایشان را در زمین و دستگاہ و اختیار یابند، بپائے دارند نماز را بحیثیت تعظیم من وبدہند زکوۃ مال را بحیثیت مساعدت بندگان من۔

آپ اس آیہ کریمہ کی تشریح وتفسیر میں ۵۰ مزید تفاسیر ملاحظہ فرمالیں کوئی مفسر اس سے نہیں سرک سکتا کہ صلوٰۃ و زکوٰۃ کے لئے تمکنِ نظام لازمی ہے۔ مفسرین خواہ اس شرط سے نکلنے کے لئے کتنے ہی ہاتھ پاؤں کیوں نہ ماریں، یہ شرط، تمکنِ نظام کی، وہ نظر انداز Ignore نہیں کر سکتے۔ صلوٰۃ و زکوٰۃ نظام کے ماتحت ہی ادا ہو سکتے ہیں۔ اگر ہم نے انہیں ملک میں حکومت عطا کر دی، انہیں اقتدار حاصل ہو گیا، یہ نظامِ صلوٰۃ قائم کریں گے اور یہ تمام نوع انسانی کو سامانِ نشو ونما پہنچائیں گے۔

نیز یہ کہ حضورﷺ کو حکم تھا کہ جب وہ خود موجود ہوں تو صلوٰۃ کی امامت وہ خود فرمائیں۔

واذا کنت فیھم فاقمت لھم الصلوۃ (۴/۱۰۲)۔

جب تم مسلمانوں میں موجود ہو تو تم ان میں صلوٰۃ قائم کرو۔

اس آیہ کریمہ کے اگلے حصہ میں صلوٰۃ کی وہ شکل بیان کی گئی ہے جو میدان جنگ میں اختیار کی جاتی ہے۔ اقامتِ صلوٰۃ کی یہ تدبیر بتائی گئی ہے کہ ایک گروہ اسلحہ کے ساتھ حضورﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کرے' دوسرا گروہ حفاظت کا فریضہ ادا کرتا رہے جب فوج کا پہلا حصہ سجدہ کر چکے تو وہ پیچھے ہٹ کر حفاظت ونگرانی کا کام شروع کر دے اور دوسرا گروہ جس نے اب تک نماز نہیں پڑھی تھی وہ حضورﷺ کے پیچھے اسی مسلح حالت میں نماز ادا کر دے۔ نماز دونوں گروہ حضورﷺ کے پیچھے ادا کریں گے کوئی شخص حضورﷺ کی اقتداء کے بغیر نماز ادا نہیں کر سکے گا۔ اس آیہ کریمہ میں ''معک'' کا لفظ دو بار استعمال کیا گیا ہے۔ حضورﷺ کی موجودگی میں نہ کوئی امیرِ صلوٰۃ ہو سکتا تھا نہ کوئی انفرادی نماز براہ راست پڑھ سکتا تھا اور نہ کوئی براہ راست اللہ کی اطاعت کر سکتا تھا۔

آج ہمارے دور میں تو جنگ کی صورت ہی بالکل مختلف ہو چکی ہے۔ اس وجہ سے حالات کے تقاضے کے مطابق اقامتِ صلوٰۃ کی جو شکل اختیار کی جائے وہ جائز ہوگی۔ اس آیہ کریمہ میں صرف اصول بیان کر دیا گیا ہے کہ صلوٰۃ کے لئے شرط ہے کہ جب آپؐ موجود ہوں تو آپؐ کی موجودگی میں اور کوئی شخص امیرِ صلوٰۃ نہیں ہو سکتا اور آپؐ کے بعد امیرِ جنگ یا سپہ سالار فوج جسے خود آپؐ نے مقرر کیا ہو' وہ امیرِ صلوٰۃ ہو کر صلوٰۃ ادا کرائے۔ ہمارے ہاں جو آج کل محلّہ کے نمازیوں کے مقرر کردہ امام نماز ادا کرتے ہیں تو یہ مذہب کی نماز ہے۔ یہ دین کی صلوٰۃ نہیں ہے جس میں امامت کرنا عمال حکومت کا فریضہ ہوگا۔

سورۂ حج کی مندرجہ بالا آیہ کریمہ کی روشنی میں جہاں تک زکوٰۃ کا تعلق ہے تو اسلامی حکومت کا فریضہ ایتائے زکوٰۃ۔ زکوٰۃ دینا ہے۔ یعنی افراد معاشرہ کو سامانِ نشوونما عطا کرنا۔ اس اعتبار سے حکومت کی ساری آمدنی Revenue کو زکوٰۃ کہا جا سکتا ہے جسے وہ افراد معاشرہ اور اس کے بعد پوری نوع انسانی کو دینے کے لئے حاصل کرے گی۔ اس کے لئے وہ کیا انتظام کرے گی اور لوگوں کی آمدنی میں سے کس قدر لے گی اور کس قدر لوگوں کو دے گی' اس کا تعین حکومتِ اسلامی وقت کے تقاضوں اور ضرورتوں کے مطابق متعین کرے گی۔ زکوٰۃ کسی خاص ٹیکس کا نام نہیں ہے۔ اس پر انفرادی طور پر عمل ہو ہی نہیں سکتا۔ اس کا پورا Process نظام کی تحویل میں ہوتا ہے۔

یہ جو حضرت ابوبکر صدیقؓ کے زمانہ میں منکرین زکوٰۃ کا واقعہ بیان کیا جاتا ہے تو اس کی بھی اصل یہ نہیں تھی جو بیان کی جاتی ہے کہ وہ لوگ زکوٰۃ کے منکر ہو گئے تھے۔ بلکہ اس واقعہ کی اصل حقیقت یہ تھی کہ ان لوگوں (اہل یمن) کا موقف یہ تھا کہ وہ اپنی ساری آمدنی (زکوٰۃ)

صرف اپنے صوبہ یمن میں خرچ کریں' یمن کے علاوہ اور کسی جگہ یہ خرچ نہ ہو' جبکہ حضرت ابوبکرؓ کا اصرار تھا کہ Revenues پہلے مرکز میں مدینہ شریف آئیں اور پھر مرکز اپنی صوابدید کے مطابق اس رقم (زکوٰۃ) کو خرچ کرے' خواہ ان کی پوری کی پوری رقم واپس یمن چلی جائے لیکن ایک مرتبہ اس کا مرکز میں داخل کرنا ضروری تھا۔ اسی وجہ سے ہماری کتب روایات وتواریخ میں ان کو منکرین زکوٰۃ کے بجائے مانعین زکوٰۃ کہا گیا ہے۔ حضرت ابوبکرؓ مرکز کو مضبوط رکھنا چاہتے تھے۔

اجتماعات حج کے انعقاد اور نظم ونسق کا فریضہ بھی مسلم ممالک کی حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ یہ عالم اسلامی کا وہ عالم گیر اجتماع ہے جو امت مسلمہ کے مرکز کعبہ شریف میں اس غرض سے منعقد کیا جاتا ہے کہ امت کے مسائل کا حل قرآن کریم کی روشنی میں تلاش کیا جائے۔ جو تجاویز متفقہ طور پر طے ہوئی ہوں گی۔ حج کے آخر میں امام کعبہ ان کا سال بہ سال اعلان کرے گا۔ اور سال بھر مسلم ممالک کی حکومتیں ان پر عمل درآمد کریں گی۔ حج کے وفود حکومت کی سرکردگی میں جائیں گے' جیسا کہ ۹ ہجری کا حج حضرت ابوبکر صدیقؓ کی امارت میں ادا ہوا تھا۔ باقی رہا جہاد' تو جہاد تو حکومت اسلامی کے بغیر ہو ہی نہیں سکتا۔ جہاد کے لئے اولیں شرط ہے کہ پہلے اسلامی حکومت اس کا برملا اعلان کرے' چوری چھپے' خفیہ طور پر' فرداً فرداً جہاد نہیں ہو سکتا۔

سورۃ توبہ میں ان اللہ یحب المتقین (۹/۴) کی تفسیر کے سلسلہ میں 'تدبر قرآن' میں مرقوم ہے۔

''(اس آیت) میں جس تقویٰ کا ذکر ہے' یہ انفرادی تقویٰ نہیں بلکہ اجتماعی وسیاسی تقویٰ ہے۔ اسلام جس طرح ہر شخص سے انفرادی تقویٰ کا مطالبہ بھی کرتا ہے اسی طرح مسلمانوں سے من حیث الجماعت اجتماعی اور سیاسی تقویٰ کا مطالبہ بھی کرتا ہے۔ یعنی مسلمان دوسری قوموں سے جو معاملات اور معاہدات کریں ان میں راست باز' صداقت شعار اور وفادار رہیں' کسی عہد اور قول وقرار کی کوئی ادنیٰ خلاف ورزی نہ کریں۔ خدا ایسے ہی متقیوں کو دوست رکھتا ہے اور خدا جن کو دوست رکھتا ہے وہی دنیا و آخرت میں برومند اور فائز المرام ہوتے ہیں۔'' (تدبر قرآن' جلد۳' صفحہ ۵۳۹)۔

تقویٰ تو پیدا ہی اسلامی حکومت کی اطاعت وفرمانبرداری سے ہوتا ہے۔ جو شخص جس قدر اسلامی حکومت کے احکامات کی بجا آوری کرے گا' اسی درجہ اس کا تقویٰ بڑھتا چلا جائے گا۔

دعا کی بھی یہی صورت ہے۔ دعا میں ایک پہلو تو دعا کرنے والے کی ذاتی تسکین وتسلی سے متعلق ہوتا ہے

لیکن حقیقی معنے اس کے قانون خداوندی سے مدد مانگنا اور اس کے احکام وقوانین کی اطاعت کرنا ہے۔ اسی دعا کا حکم حضور علیہ السلام کو دیا گیا تھا کہ قل انما ادعوا ربی ولا اشرك بہٖ احداً (۷۲/۲۰)۔ ان سے کہہ دو کہ میں صرف اپنے رب کو پکارتا ہوں اور اس میں کسی اور کو اس کے ساتھ شریک نہیں کرتا۔ یعنی اس کی حاکمیت میں کسی اور کو شریک نہیں کرتا۔ کیونکہ حکومت صرف اللہ تعالیٰ کو ہی زیب دیتی ہے اور اسکی عملی شکل وہ ہے جو حضرت عمرؓ نے بیان فرمائی تھی کہ میں یہاں اسلامی حکومت کے سربراہ کی حیثیت سے اس لئے بیٹھا ہوں کہ تمہاری دعاؤں کو اللہ تک جانے سے روک دوں، یعنی ان کو پورا کر دوں۔ اسلامی حکومت کا سربراہ، مملکت کے باشندوں کی دعائیں پوری کرتا ہے اور ان کی دعاؤں کا پورا کرنا اسلامی نظام کا فریضہ ہے اور اس طرح مومنین کی دعائیں پوری ہوتی ہیں۔ حضرت عمرؓ کے دور میں عملاً یہ کچھ ہو بھی رہا تھا۔ افسوس کہ حضرت عمرؓ کی شہادت کی وجہ سے یہ دور جلدی منقرض ہو گیا۔ اگر حضرت عمرؓ کو شہید نہ کیا جاتا اور انہیں دس پندرہ سال حکومت کرنے کے مل جاتے تو آج دنیا کا نقشہ ہی کچھ اور ہوتا۔ عاش سعیداً ومات شہیداً رضی اللہ عنہ۔

مضمون آپ نے ملاحظہ فرمایا، ملخص اس کا صرف اتنا ہے کہ

(۱) اللہ تعالیٰ کی اطاعت براہ راست نہیں کی جا سکتی، اس کی اطاعت اس نظام کی معرفت ہوتی ہے جو اس کا رسول قائم کرتا ہے۔

(۲) رسول اللہ ﷺ کے بعد بھی خدا کی اطاعت صرف اور صرف اس نظام کے ماتحت ہو سکتی ہے جو حضور ﷺ نے قائم فرمایا تھا وہ نظام کوئی وقتی یا ہنگامی نہیں تھا۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ قائم رہنے کے لئے تھا۔ اگر وہ نظام قائم نہیں ہے تو ہم اطاعت خداوندی جیسے فریضہ سے محروم ہیں۔ اس لئے ہم سب پر اس نظام کا قائم کرنا ضروری ہے۔

(۳) نظام کے قیام میں یہ رکاوٹ ہے کہ جو آیات نظام کی متقاضی ہیں اور جن سے ایک جیتی جاگتی شخصیت اور ایک زندہ، ناطق، مرکز کے وجود پر دلالت ہوتی ہے، ان کی غلط تعبیر وتوجیہہ کر کے، ان سے مراد کتب وروایات لے لی جاتی ہیں۔ جس کی عملی تعبیر یہ ہے کہ حضور ﷺ کے بعد جو کوئی بھی ان کے نام سے کچھ کہہ دے ہم اس کی اطاعت کرنے لگیں۔ قرآن کریم حضور ﷺ کا جانشین زندہ شخصیت، ایک ناطق مرکز قرار دیتا ہے۔ لیکن علماء کرام حضور ﷺ کا جانشین کتب و روایات اور ایک صامت ذریعہ کو قرار دیتے ہیں۔

(۴) وہ انفرادی اطاعت جسے ہم 'عبادت کے نام سے موسوم کرتے ہیں وہ بھی نظام کے ماتحت ادا ہوتی ہیں

بغیر نظام کے قیام کے ان کے نتائج برآمد نہیں ہو سکتے۔ غیر خداوندی نظام میں زندگی بسر کرنا حرام ہے کیونکہ قرآن کریم کے نزدیک تو مومن وہ ہے جو قرآن کریم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ واحد' مکمل اور آخری ضابطۂ حیات خیال کرے۔ ہر مومن کا فرض ہے کہ وہ اس دنیا میں نظام خداوندی (جو قرآن کریم پر مبنی ہو) کے قیام کے لئے پوری پوری کوشش کرے۔ وہ جس ملک اور مقام میں بھی ہو' وہیں سے اس جدوجہد کو شروع کر دے کیونکہ نظام خداوندی کسی مقام یا کسی دور سے مختص نہیں ہے۔ اس کی پوری پوری کوشش یہی ہو کہ تمام باطل نظامہائے حیات کو اکھیڑ کر پھینک دے اور اللہ کی زمین پر صرف اور صرف اللہ کے قانون اور اس کے نظام کو جاری کر دے۔ اس لئے کہ اسی نظام کی اطاعت اللہ و رسول کی اطاعت ہے۔ جو لوگ اللہ و رسول کی اطاعت کرنا چاہتے ہوں ان کے لئے از بسکہ ضروری ہے کہ ان کا دیا ہوا نظام جاری کریں۔ جو لوگ اللہ کے نظام کے علاوہ کسی بھی نظام کے ماتحت زندگی بسر کرنے پر بخوشی رضامند ہوں وہ اللہ اور رسول کے' باغی' نافرمان اور مجرم ہیں خواہ وہ کتنے ہی نماز روزوں کے پابند ہوں۔

و آخر دعواهم ان الحمدلله رب العالمين

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وزیر محمد جعفر، کامونکی
wazeer254@hotmail.com

بے چاری سونیا ناز اور ڈاکٹر شازیہ

اخباری اطلاعات کے مطابق ابھی تک ایف آئی آر درج نہ ہوئی ہے۔ملزمان پولیس کی حراست میں ہیں۔تحقیقات کے لئے ٹریبونل قائم کیا گیا ہے لیکن ابھی تک پیش رفت نہ ہوئی ہے۔ بے چاری سونیا ناز کو انصاف ملے نہ ملے لیکن بین الاقوامی میڈیا میں اس کیس کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے۔انصاف میں جتنی تاخیر ہوگی اتنی ہی ملک کی بدنامی ہو گی۔چونکہ اس کیس میں بااثر پولیس آفیسرز ملوث ہیں انصاف کی توقع رکھنا عبث ہے۔اس کیس کا فیصلہ چاہے سونیا ناز کے حق میں ہو، چاہے پولیس آفیسرز کے حق میں۔لیکن یہ بات طے ہے کہ ہماری پولیس کا رویہ نہایت اخلاق سے گرا ہوتا ہے۔رشوت لینا تو ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ٹریفک پولیس کو ہی لیجئے سرعام رشوت لیتے ہوئے میں اکثر نظارہ کرتا ہوں۔یقین نہ آئے تو آپ گوجرانوالہ شہر کی ٹریفک پولیس کا امتحان لے کر دیکھ لیں۔

یہاں پر میں اپنے ساتھ ہونے والے واقعہ کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ ہوا یوں کہ میرا بھتیجا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد میں کنٹریکٹ پر کلرک بھرتی ہوا۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے اپنے قواعد وضوابط کے مطابق اسے (Permanent) کر دیا۔اور اس کی SPOT VERIFICATION سٹی پولیس کامونکی کے ذمہ لگائی۔اس سلسلہ میں ایک پولیس اہلکار ہمارے گھر آیا اس نے کہا کہ ناظم یا کسی کونسلر سے لکھوا دیں کہ وہ آپ کے بھتیجے کو ذاتی طور پر جانتا ہے۔اور اس کا کسی سیاسی جماعت سے تعلق نہ ہے۔نہ ہی ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے۔میں نے فوری طور پر فون کر کے کونسلر کو بلوا لیا اور اس کونسلر نے اس بات کی تصدیق کر دی کہ واقعی مذکورہ ملازم کسی سیاسی جماعت کا رکن نہ ہے اور نہ ہی ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے۔کونسلر چلا گیا۔ جب پولیس اہلکار جانے لگا تو اس نے کہا کہ 1000 روپے ادا کر دیں۔میں نے پوچھا کہ کس بات کے 1000 روپے ادا کروں؟ تو اس نے کہا کہ اگر رقم ادا نہ کی گئی تو VERIFICATION REPORT آپ کے بھتیجے کے خلاف چلی جائے گی ۔ کیونکہ ان

1000 روپوں کے تین حصے ہوں گے ایک حصہ SHO کو جائے گا۔ دوسرا حصہ SSP آفس میں جائے گا جبکہ تیسرا حصہ میں خود رکھوں گا۔ میں نے کہا کہ میرے پاس ابھی تو اتنی رقم نہیں ہے۔ تو اس نے کہا کہ کوئی بات نہیں میرا سیل نمبر لکھ لو جب رقم کا انتظام ہو جائے تو مجھے کال کر دینا۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔ میں نے اس پولیس اہلکار کے متعلق SSP آفس کے ملازم سے شکایت کی تو اس نے کہا کہ کیا فرق پڑتا ہے 1000 روپے آپ دے دیتے۔ میں نے اس سے کہا کہ وہ تو رشوت کے طور پر مانگ رہا ہے۔ میں نے حدیث بھی سنائی کہ ''رشوت دینے والا اور لینے والا دونوں جہنمی ہیں۔'' اس ملازم نے کہا کہ یہاں تو ایسے ہی چلتا ہے۔ چلیں میں آپ کو کم کروا دیتا ہوں۔ اس کے بعد میں نے ایک صوبائی وزیر کے قریبی ساتھی سے بات کی تو اس نے کہا کہ رشوت تو آپ کو دینی ہی پڑے گی لیکن یہ ہوسکتا ہے کہ میں رقم کم کروا دوں۔ میں نے کامونکی پریس کلب کے دفتر میں بات کی تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ 500 روپے تک رقم معقول ہے۔ آخر کار 500 روپے دیکر جان چھڑائی۔

قارئین آپ نے دیکھا کہ مجھے اپنے جائز کام کے لئے بھی رشوت دینی پڑی رشوت نہ دینے کے لئے میں نے سب حربے استعمال کئے لیکن سب ناکام گئے۔ سب نے یہی کہا کہ رشوت دے کر جان چھڑاؤ کیوں اپنے بھتیجے کی نوکری داؤ پر لگا رہے ہو۔ یہ تو میری اپنی آپ بیتی تھی۔

